زینب

لجنہ اماء اللہ ناروے
جنوری تا مارچ ۲۰۲۱

اَلْوَهَّابُ
اَلنُّوْرُ
اَلْحَلِيْمُ
اَلْبَصِيْرُ
اَلْمُطَهِّرُ
اَلشَّافِيْ
اَلْحَكِيْمُ
اَلْمُجِيْبُ
اَلصَّبُوْرُ
اللہ
اَلْمَوْلٰی
اَلْخَبِيْرُ
اَلسَّلَامُ
اَلْجَاعِلُ
اَلْغَنِيُّ
الرّحمٰن
اَلْمُؤْمِنُ
اَلنَّصِيْرُ
اَلْحَمِيْدُ
اَلْوَاسِعُ
اَلْحَافِظُ

صفات باری تعالیٰ (صفت رحمٰن)

حضرت محمد ﷺ کا عدیم المثال صبر

خلاصہ لیکچر سیالکوٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّــاصر

واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا
انا فتحنا لک فتحا مبینا
ینصرک اللہ بنصر من عندہ
امام جماعت احمدیہ

ایل۔ایس: 2327

تاریخ: 02.03.2021

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ، ناروے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی طرف سے رپورٹ برائے ماہ دسمبر 2020 و سہ ماہی رسالہ زینب اکتوبر تا دسمبر 2020 موصول ہوئے۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔

دورانِ ماہ شعبہ جات میں معیاری کاموں کی توفیق عطا ہوئی۔ مجلسِ شوریٰ سفارشات پر عمل درآمد کی رپورٹ خوشکن ہے۔ ممبرات نے جماعتی کتب کا مطالعہ کیا اور ناصرات کو سوشل میڈیا کی حدود اور بد اثرات سے بچنے کے لئے پلان دیا گیا۔ ایم ٹی اے سے استفادہ کی طرف توجہ دلائی گئی۔ رسالہ زینب کا شمارہ تعلیمی، تربیتی اور معلوماتی مضامین کا مجموعہ ہے جو کہ شعبہ اشاعت کی عمدہ کاوش ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قارئین کو اس سے مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

تمام لجنہ و ناصرات کو میرا محبت بھرا السلام علیکم پہنچا دیں۔

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

اداریہ

بیعت کے معنی کیا ہیں؟ اس کے معنی ہیں اپنے آپ کو بیچ دینا۔ بیعت اس عہد کو بھی کہتے ہیں جو انسان امامِ وقت کے ہاتھ پر کرتا ہے کہ وہ اپنی پہلی زندگی پر ایک انقلاب طاری کرے گا یا ایسا عہد جو کسی سے اطاعت اور وفاداری کا وعدہ کرتے ہوئے کیا جاتا ہے۔

آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں سن بارہ نبوی کو بیعت عقبہ اولیٰ اور سن تیرہ نبوی کو بیعت عقبہ ثانیہ مکہ کی وادی میں رات کی تاریکی میں ہوئی۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو سفیر بنا کر مکہ والوں کے پاس بھیجا گیا تو بعض شرارتی لوگوں نے یہ افواہ پھیلا دی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا ہے۔ اس اطلاع پر آنحضرت ﷺ نے سارے موجود صحابہ کو اکٹھا کیا اور ان سے اس امر پر بیعت لی کہ وہ کسی صورت میں پیٹھ نہیں دکھائیں گے، اپنی جان پر کھیل جائیں گے مگر اپنی جگہ نہیں چھوڑیں گے۔ تاریخِ اسلام میں یہ بیعت "بیعتِ رضوان" کے نام سے مشہور ہے۔

قرآن کریم کی سورۃ الفتح میں ارشاد ہے کہ "اللہ تعالیٰ مسلمانوں سے خوش ہو گیا جب کہ اے رسول! وہ ایک درخت کے نیچے تیری بیعت کر رہے تھے"۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "جو شخص اس حال میں مرا کہ اس نے امامِ وقت کی بیعت نہیں کی تھی تو وہ جاہلیت اور گمراہی کی موت مرا۔"

چودہ صدیاں گزرنے پر جب آنحضرت ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث کیا اور آپ کو ایک جماعت بنانے اور لوگوں سے بیعت لینے کا حکم دیا تو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشادِ ربّانی کے مطابق 23 مارچ 1889ء کو اپنی جماعت کے چالیس افراد سے لدھیانہ (ہندوستان) کے مقام پر پہلی بیعت لی اور اشتہار 12 جنوری کی دس شرائط پر عمل کرنے کی ہدایت فرمائی۔ اس دن کی تاریخی مناسبت سے یہ دن ساری دنیا میں تاسیس کی یاد کے طور پر مناتے ہیں۔ خدا کے ہاتھ کا لگایا ہوا یہ پودا اب سرسبز و شاداب اور ثمر آور درخت بن چکا ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بیعت کی حقیقت اور اس کے تقاضوں کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "واضح رہے کہ صرف زبان سے بیعت کا اقرار کرنا کچھ چیز نہیں ہے جب تک دل کی عزیمت سے اس پر پورا پورا عمل نہ ہو۔ پس جو شخص میری تعلیم پر پورا پورا عمل کرتا ہے وہ میرے اس گھر میں داخل ہو جاتا ہے جس کی نسبت خدا تعالیٰ کے کلام میں یہ وعدہ ہے "اِنِّيْ اُحَافِظُ كُلَّ مَنْ فِي الدَّارِ" یعنی ہر ایک جو تیرے گھر کی چار دیواری کے اندر ہے میں اس کو بچاؤں گا"۔

مامور من اللہ یا اس کے خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت کرنے سے ایک فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ انسان کے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ دوسرا فائدہ یہ کہ توبہ کرنے سے طاقت ملتی ہے اور انسان شیطانی حملوں سے بچ جاتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں "اس زمانے کا حصنِ حصین میں ہوں جو مجھ میں داخل ہوتا ہے وہ چوروں اور قزاقوں اور درندوں سے اپنی جان بچائے گا"

ہمارے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: "اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام سے کیے ہوئے تمام عہدوں کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تمام شرائط بیعت پر ہم مضبوطی سے قائم رہیں، آپ کی تعلیم پر عمل کرتے ہوئے ہم اپنی زندگی کو بھی جنّت نظیر بنا دیں اور اگلے جہان کی جنّتوں کے بھی وارث ٹھہریں۔ اللہ تعالیٰ ہماری مدد فرمائے"۔ آمین

فہرست مضامین

القرآن الکریم	2
حدیث نبوی ﷺ	2
کلام الامام	3
نظم	4
خطبہ جمعہ بیان فرمودہ سیّدنا امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد	5
صفات باری تعالیٰ	10
آنحضرت ﷺ کا عدیم المثال صبر اپنی ذات میں اور خدا اور خدائی احکام کی پیروی میں انسانی زندگی کے لیے سبق آموز نمونے	13
نعتِ رسول ﷺ	17
حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمتِ اسلام	18
خلاصہ کتاب لیکچر سیالکوٹ	22
علامہ ابنِ خلدون	24
دھنک کے رنگ آپ کے سنگ	27
پکوان	29
حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ناروے کی واقفاتِ نو کی کلاس	30
اُمّ المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا	32
رزلٹ مضمون نویسی لجنہ اماء اللہ ناروے 2019-2020	34
رزلٹ مقابلہ حفظِ قران	36
صحت کارنر	37
یادِ رفتگان	39
دعائیہ اعلانات	40
ناصرات کارنر	42

مجلسِ ادارت

امیر جماعت ناروے
محترم چوہدری ظہور احمد صاحب

صدر لجنہ اماء اللہ
محترمہ بلقیس اختر صاحبہ

نیشنل سیکرٹری اشاعت
منصورہ نصیر

نائبہ سیکرٹری اشاعت
صدیقہ وسیم

مدیرہ حصہ نارویجن
مہرین شاہد

پروف ریڈنگ حصہ اردو
عفیفہ نجم
طاہرہ زرتشت

گرافک ڈیزائنر
فاکہہ چوہدری
فریدہ ظہور
ضویا سامہ شاہد
ماہم نعیم

پرنٹنگ
شمسہ خالد

شائع کردہ
شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ ناروے

Baitun Nasr Moské
Søren Bulls vei 1
1051 Oslo
kontakt@ahmadiyya.no

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے

القرآن الکریم

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٥٤﴾ وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّ لٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿١٥٥﴾ وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَ الْجُوْعِ وَ نَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَ الْاَنْفُسِ وَ الثَّمَرٰتِ ؕ وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٥٦﴾

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو (اللہ سے) صبر اور صلوٰۃ کے ساتھ مدد مانگو۔ یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جو اللہ کی راہ میں قتل کیے جائیں ان کو مردے نہ کہو بلکہ (وہ تو) زندہ ہیں لیکن تم شعور نہیں رکھتے۔ اور ہم ضرور تمہیں کچھ خوف اور کچھ بھوک اور کچھ اموال اور جانوں اور پھلوں کے نقصان کے ذریعہ آزمائیں گے۔ اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دے۔

(البقرۃ: 154 – 156)

حدیث نبوی ﷺ

عَنْ صُهَيْبِ بْنِ سِنَانٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ وَّ لَيْسَ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ۔ اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّآءُ شَكَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهُ، وَ اِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّآءُ صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهُ۔

ترجمہ: حضرت صہیب بن سنانؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مومن کا معاملہ بھی عجیب ہے۔ اس کے سارے کام برکت ہی برکت ہوتے ہیں۔ یہ فضل صرف مومن کے لیے مختص ہے۔ اگر اس کو کوئی خوشی و مسرّت اور فراخی نصیب ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کا شکر کرتا ہے اور اس کی شکر گزاری اس کے لیے مزید خیر وبرکت کا موجب بنتی ہے۔ اور اگر اس کو کوئی دکھ اور رنج، تنگی اور نقصان پہنچے تو وہ صبر کرتا ہے اور اس کا یہ طرزِ عمل بھی اس کے لیے خیر وبرکت کا ہی باعث بن جاتا ہے کیونکہ وہ صبر کرکے ثواب حاصل کرتا ہے۔

(حدیقۃ الصالحین، ایڈیشن 2003ء، صفحہ 791 – 792)

کلام امام الزّماں علیہ الصلوٰۃ والسلام

سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”یہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ انبیاء اور راستبازوں پر بھی بعض اوقات بلائیں آجاتی ہیں اور مصائب اور شدائد میں ڈالے جاتے ہیں لیکن یہ گمان کرنا کہ وہ مصائب اور بلائیں کسی گناہ کی وجہ سے آتی ہیں، خطرناک غلطی اور گناہ ہے۔ ان بلاؤں میں جو خدا کے راستبازوں اور پیارے بندوں پر آتی ہیں اور ان بلاؤں میں خدا تعالیٰ کے نافرمانوں اور خطاکاروں پر آتی ہیں زمین آسمان کا فرق ہے اس لیے کہ ان کے اسباب بھی مختلف ہیں۔ نبیوں اور راستبازوں پر جو بلائیں آتی ہیں ان میں ان کو ایک صبر جمیل دیا جاتا ہے جس سے وہ بلا اور مصیبت ان کے لیے مُدرِک الحَلاوت ہو جاتی ہیں وہ اس سے لذّت اٹھاتے ہیں اور روحانی ترقیوں کے لیے ایک ذریعہ ہو جاتی ہیں کیونکہ ان کے درجات کی ترقی کے لیے ایسی بلاؤں کا آنا ضروری ہے جو ترقیات کے لیے زینہ کا کام دیتی ہیں۔ جو شخص ان بلاؤں میں نہیں پڑتا اور ان مصیبتوں کو نہیں اٹھاتا وہ کسی قسم کی ترقی نہیں کر سکتا۔

دنیا کے عام نظام میں بھی تکالیف اور مشقّتوں کا ایک سلسلہ ہے جس میں ہر ایسے شخص کو جو ترقی کا خواہاں ہے گذرنا پڑتا ہے لیکن ان تکالیف اور شاقہ محنتوں میں باوجود تکالیف کے ایک لذّت ہوتی ہے جو اسے کشاں کشاں آگے لیے جاتی ہے۔ بر خلاف اس کے وہ مصیبت اور تکالیف جو انسان کی اپنی بد کرداری کی وجہ سے اس پر آتی ہیں، وہ مصیبت ہوتی ہے جس میں ایک درد اور سوزش ہوتی ہے، جو اس کی زندگی اس کے لیے وبال جان کر دیتی ہے وہ موت کو ترجیح دیتا ہے مگر نہیں جانتا کہ یہ سلسلہ مر کر بھی ختم نہیں ہوگا۔

غرض ان بلاؤں کے نزول میں ہمیشہ سے قانونِ قدرت یہی ہے کہ جو بلائیں شامتِ اعمال کی وجہ سے آتی ہیں وہ الگ ہیں اور خدا کے راستبازوں اور پیغمبروں پر جو بلائیں آتی ہیں وہ ان کی ترقی درجات کے لیے ہوتی ہیں۔ بعض جاہل جو اس راز کو نہیں سمجھتے وہ جب بلاؤں میں مبتلا ہوتے ہیں تو بجائے اس کے کہ اس بلاء سے فائدہ اٹھاویں اور کم از کم آئندہ کے لیے مفید سبق حاصل کریں اور اپنے اعمال میں تبدیلی پیدا کریں کہہ دیتے ہیں کہ اگر ہم پر مصیبت آئی تو کیا ہوا نبیوں اور پیغمبروں پر بھی تو آجاتی ہیں، حالانکہ ان بلاؤں کو انبیاء کی مشکلات اور مصائب سے کوئی نسبت ہی نہیں۔ جہالت بھی کیسی بری مرض ہے کہ انسان اس میں قیاس مع الفارق کر بیٹھتا ہے۔ یہ بڑا دھوکہ واقع ہوتا ہے جو انسان تمام انبیاء کی مشکلات کو عام لوگوں کی بلاؤں پر حمل کر لیتا ہے“۔

(ملفوظات ایڈیشن 1988، جلد 4، صفحہ 117)

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پاکیزہ منظوم کلام

شانِ اسلام

ہم خاک میں ملے ہیں شاید ملے وہ دلبر
جیتا ہوں اس ہوس سے میری غذا یہی ہے

دنیا میں عشق تیرا باقی ہے سب اندھیرا
معشوق ہے تو میرا عشقِ صفا یہی ہے

مشتِ غبار اپنا تیرے لیے اڑایا
جب سے سنا کہ شرط مہر و وفا یہی ہے

دلبر کا درد آیا حرفِ خودی مٹایا
جب میں مرا جِلایا جامِ بقا یہی ہے

اس عشق میں مصائب سو سو ہیں ہر قدم میں
پر کیا کروں کہ اس نے مجھ کو دیا یہی ہے

حرفِ وفا نہ چھوڑوں اس عہد کو نہ توڑوں
اس دلبرِ ازل نے مجھ کو کہا یہی ہے

جب سے ملا وہ دلبر دشمن ہیں میرے گھر گھر
دل ہو گئے ہیں پتّھر قدر و قضا یہی ہے

مجھ کو ہیں وہ ڈراتے پھر پھر کے در پہ آتے
تیغ و تبر دکھاتے ہر سُو ہوا یہی ہے

دلبر کی رہ میں یہ دل ڈرتا نہیں کسی سے
ہشیار ساری دنیا اک باؤلا یہی ہے

(از دُرِّ ثمین، صفحہ 85)



خطبہ جمعہ

بیان فرمودہ سیّدنا امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

مورخہ 20 مارچ 2020ء بمقام مسجد بیت مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ (سرے)، یوکے

تشہد، تعوّذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا

تین دن کے بعد 23 مارچ ہے۔ یہ وہ دن ہے جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بیعت کا آغاز فرمایا تھا اور یوں باقاعدہ جماعت احمدیہ کی بھی بنیاد پڑی۔ جماعت میں یہ دن ”یوم مسیح موعود“ کے نام سے منایا جاتا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے جلسے بھی ہوتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعویٰ اور آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے آنے کے مقصد کے بارے میں بھی بتایا جاتا ہے۔ اس لیے اس حوالے سے گو ابھی تین دن باقی ہیں لیکن اگلا جمعہ پھر آگے چلا جائے گا۔ اس لیے میں آج حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اپنے الفاظ میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کچھ اقتباسات پیش کروں گا۔

اس سال شاید اکثر ملکوں اور مقامات میں جو آج کل وباء پھیلی ہوئی ہے اس کی وجہ سے جلسے نہ ہو سکیں اس لیے میرے خطبے کے علاوہ ایم۔ٹی۔اے پر بھی اس حوالے سے پروگرام پیش ہوں گے۔ انہیں ہر احمدی کو اپنے بچوں کے ساتھ اپنے گھر میں سننے کی کوشش کرنی چاہیے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام آنحضرت ﷺ کی غلامی میں آپ ﷺ ہی کے کام کو اور آپ ﷺ کے دین کو دنیا میں پھیلانے کے لیے مبعوث کیے گئے تھے۔ چنانچہ آپ علیہ الصلوٰۃ السلام ایک جگہ فرماتے ہیں: ”میں آنحضرت ﷺ پر درود بھیجتا ہوں کہ آپ ﷺ ہی کے لیے اللہ تعالیٰ نے اس سلسلہ کو قائم کیا ہے اور آپ ﷺ ہی کے فیضان اور برکات کا نتیجہ ہے جو یہ نصرتیں ہو رہی ہیں۔ میں کھول کر کہتا ہوں اور یہی میرا عقیدہ اور مذہب ہے کہ آنحضرت ﷺ کے

اتباع اور نقشِ قدم پر چلنے کے بغیر کوئی انسان کوئی روحانی فیض اور فضل حاصل نہیں کر سکتا"۔ (لیکچر لدھیانہ، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 267)

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آنحضرت ﷺ سے جو روحانی فیض پایا اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دنیا کی اصلاح کے لیے بھیجا۔ اسلام کی شان و شوکت کو دوبارہ دنیا میں قائم کرنے کے لیے بھیجا۔ چنانچہ ایک جگہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں "وَ اَرْسَلَنِیْ رَبِّیْ لِاِصْلَاحِ خَلْقِہٖ" کہ اور خدا نے مجھے بھیجا ہے کہ تا میں مخلوق کی اصلاح کروں"۔ (اعجاز احمدی ضمیمہ نزول المسیح، روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 178)

پھر اپنی بعثت کے بارے میں مزید وضاحت فرماتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بیان فرماتے ہیں: "میں اس کو بار بار بیان کروں گا اور اس کے اظہار سے میں رک نہیں سکتا کہ میں وہی ہوں جو وقت پر اصلاحِ خَلق کے لیے بھیجا گیا تا دین کو تازہ طور پر دلوں میں قائم کر دیا جائے۔ میں اس طرح بھیجا گیا ہوں جس طرح سے وہ شخص بعد کلیم اللہ مردِ خدا کے بھیجا گیا تھا جس کی روح ہیروڈیس کے عہد حکومت میں بہت تکلیفوں کے بعد آسمان کی طرف اٹھائی گئی"۔ (فتح اسلام، روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 7 – 8)

پھر اس بات کا اعلان فرماتے ہوئے کہ جس مسیح موعود کے آنے کی آنحضرت ﷺ نے پیشگوئی فرمائی تھی وہ اپنے وقت پر ظاہر ہوا۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں: "سو اے بھائیو! برائے خدا دھکہ اور زبردستی مت کرو۔ ضرور تھا کہ میں ایسی باتیں پیش کرتا جن کے سمجھنے میں تمہیں غلطی لگی ہوئی تھی۔ اگر تم پہلے ہی راہِ ثواب پر ہوتے تو میرے آنے کی ضرورت ہی کیا تھی۔ میں کہہ چکا ہوں کہ میں اس اُمّت کی اصلاح کے لیے ابنِ مریم ہو کر آیا ہوں اور ایسا ہی آیا ہوں کہ جیسے حضرت مسیح ابنِ مریم یہودیوں کی اصلاح کے لیے آئے تھے۔ میں اسی وجہ سے تو ان کا مثیل ہوں کہ مجھے وہی اور اسی طرز کا کام سپرد ہوا ہے جیسا کہ انہیں سپرد ہوا تھا۔ مسیح نے ظہور فرما کر یہودیوں کو بہت سی غلطیوں اور بے بنیاد خیالات سے رہائی دی تھی۔ منجملہ اس کے ایک یہ بھی تھا کہ یہودی ایلیا نبی کے دوبارہ دنیا میں آنے کی ایسی ہی امید باندھے بیٹھے تھے جیسے آج کل مسلمان مسیح ابنِ مریم رسول اللہ کے دوبارہ آنے کی امید باندھے بیٹھے ہیں۔ سو مسیح نے یہ کہہ کر کہ ایلیا نبی اب آسمان سے اتر نہیں سکتا، زکریا کا بیٹا یحیٰ ایلیا ہے جس نے قبول کرنا ہے کرے، اس پرانی غلطی کو دور کیا اور یہودیوں کی زبان سے اپنے تئیں ملحد اور کتابوں سے پھرا ہوا کہلایا مگر جو سچ تھا وہ ظاہر کر دیا۔ یہی حال اس کے مثیل کا بھی ہوا اور حضرت مسیح کی طرح اس کو بھی ملحد کا خطاب دیا گیا۔ کیا یہ اعلیٰ درجہ مماثلت نہیں"۔ (ازالہ اوہام حصہ دوم، روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 304)

اور صرف مسلمانوں کے لیے ہی نہیں بلکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہر قوم اور مذہب کو اپنی بعثت کی اہمیت بتائی ہے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک جگہ فرماتے ہیں کہ: "یہ بھی واضح ہو کہ میرا اس زمانہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے آنا محض مسلمانوں کی اصلاح کے لیے ہی نہیں ہے بلکہ مسلمانوں اور ہندوؤں اور عیسائیوں تینوں قوموں کی اصلاح منظور ہے اور جیسا کہ خدا نے مجھے مسلمانوں اور عیسائیوں کے لیے مسیح موعود کر کے بھیجا ہے ایسا ہی میں ہندوؤں کے لیے بطور اوتار کے ہوں اور میں عرصہ بیس برس سے یا کچھ زیادہ برسوں سے اس بات کو شہرت دے رہا ہوں کہ میں ان گناہوں کے دور کرنے کے لیے جن سے زمین پُر ہو گئی ہے جیسا کہ مسیح ابنِ مریم کے رنگ میں ہوں ایسا ہی راجہ کرشن کے رنگ میں بھی ہوں جو ہندو مذہب کے تمام اوتاروں میں سے ایک بڑا اوتار تھا۔ یا یوں کہنا چاہیے کہ روحانی حقیقت کی رُو سے میں وہی ہوں۔ **یہ میرے خیال اور قیاس سے نہیں ہے بلکہ وہ خدا جو زمین و آسمان کا خدا ہے اس نے میرے پر ظاہر کیا ہے اور نہ ایک دفعہ بلکہ کئی دفعہ مجھے بتلایا ہے کہ تو ہندوؤں کے لیے کرشن اور مسلمانوں اور عیسائیوں کے لیے مسیحِ موعود ہے۔** میں جانتا ہوں کہ جاہل مسلمان اس کو سن کر فی الفور یہ کہیں گے کہ ایک کافر کا نام اپنے پر لے کر کفر کو صریح طور پر قبول کیا ہے۔ لیکن یہ خدا کی وحی ہے جس کے اظہار کے بغیر میں رہ نہیں سکتا اور آج یہ پہلا دن ہے کہ ایسے بڑے مجمع میں اس بات کو میں پیش کرتا ہوں کیونکہ جو لوگ خدا کی طرف سے ہوتے ہیں وہ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے"۔ (لیکچر سیالکوٹ، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 228)

یہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے لیکچر سیالکوٹ میں فرمایا جہاں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ خطاب، یہ لیکچر مسلمانوں اور ہندوؤں کے ایک بہت بڑے مجمع میں دیا تھا۔

پھر اپنی بعثت کی اہمیت بیان کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بیان فرماتے ہیں: ”انسان جو کچھ اللہ تعالیٰ کے حکم کی مخالفت کرتا ہے وہ سب موجب معصیت ہو جاتا ہے۔ ایک ادنیٰ سپاہی سرکار کی طرف سے کوئی پروانہ لے کر آتا ہے تو اس کی بات نہ ماننے والا مجرم قرار دیا جاتا ہے اور سزا پاتا ہے۔ مجازی حکام کا یہ حال ہے تو احکم الحاکمین کی طرف سے آنے والے کی بے عزتی اور بے قدری کرنا کس قدر عدول حکمی اللہ تعالیٰ کی ہے۔ خدا تعالیٰ غیّور ہے۔ اس نے مصلحت کے مطابق عین ضرورت کے وقت بگڑی ہوئی صدی کے سر پر ایک آدمی بھیجا تاکہ وہ لوگوں کو ہدایت کی طرف بلائے۔ اس کی تمام مصالح کو پاؤں کے نیچے کچلنا ایک بڑا گناہ ہے“۔

پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ”انسان کی عقل خدا تعالیٰ کی مصلحت سے نہیں مل سکتی۔ آدمی کیا چیز ہے جو مصلحت الٰہی سے بڑھ کر سمجھ رکھنے کا دعویٰ کرے۔ خدا تعالیٰ کی مصلحت اس وقت بدیہی اور اجلیٰ ہے“۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ”اسلام میں سے پہلے ایک شخص بھی مرتد ہو جاتا تھا (اپنے زمانے کی بات فرما رہے ہیں) تو ایک شور برپا ہو جاتا تھا۔ اب اسلام کو ایسا پاؤں کے نیچے کچلا گیا ہے کہ ایک لاکھ مرتد موجود ہے۔ اسلام جیسے مقدّس مطہّر مذہب پر اس قدر حملے کیے گئے ہیں کہ ہزاروں لاکھوں کتابیں آنحضرت ﷺ کو گالیوں سے بھری ہوئی شائع کی جاتی ہیں۔ بعض رسالے کئی کروڑ تک چھپتے ہیں۔ اسلام کے برخلاف جو کچھ شائع ہوتا ہے اگر سب کو ایک جگہ جمع کیا جائے تو ایک بڑا پہاڑ بنتا ہے۔ مسلمانوں کا یہ حال ہے کہ گویا ان میں جان ہی نہیں اور سب کے سب مر ہی گئے ہیں۔ اس وقت اگر خدا تعالیٰ بھی خاموش رہے تو پھر کیا حال ہو گا۔ خدا کا ایک حملہ انسان کے ہزار حملہ سے بڑھ کر ہے اور وہ ایسا ہے کہ اس سے دین کا بول بالا ہو جائے گا۔ عیسائیوں نے انیس سو سال سے شور مچا رکھا ہے کہ عیسیٰ خدا ہے اور ان کا دین اب تک بڑھتا چلا گیا اور مسلمان ان کو اور بھی مدد دے رہے ہیں۔ عیسائیوں کے ہاتھ میں بڑا حربہ یہی ہے کہ مسیح زندہ ہے اور تمہارے نبی ﷺ فوت ہو گئے ہیں۔ لاہور میں لارڈ بشپ نے ایک بھاری مجمع میں یہی بات پیش کی۔ کوئی مسلمان اس کا جواب نہ دے سکا مگر ہماری جماعت میں سے مفتی محمد صادق صاحب جو یہ موجود ہیں، اٹھے اور انہوں نے قرآن شریف، حدیث، تاریخ، انجیل وغیرہ سے ثابت کیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں اور ہمارے نبی کریم ﷺ زندہ ہیں کیونکہ آپ ﷺ سے فیض حاصل کر کے کرامت اور خوارق دکھانے والے ہمیشہ موجود رہے۔ تب اس کا جواب وہ کچھ نہ دے سکا۔“

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ”میں نے ایک دفعہ لدھیانہ میں عیسائیوں کو اشتہار دیا تھا کہ تمہارا ہمارا بہت اختلاف نہیں۔ تھوڑی سی بات ہے یہ کہ تم مان لو کہ عیسیٰ فوت ہو گئے اور آسمان پر نہیں گئے۔ تمہارا اس میں کیا حرج ہے؟ اس پر وہ بہت جھنجھلائے اور کہنے لگے کہ اگر ہم یہ مان لیں کہ عیسیٰ مر گیا اور آسمان پر نہیں گیا تو آج دنیا میں ایک بھی عیسائی نہیں رہتا۔ فرمایا کہ دیکھو خدا تعالیٰ علیم و حکیم ہے، اس نے ایسا پہلو اختیار کیا ہے جس سے دشمن تباہ ہو جائے۔ مسلمان اس معاملہ میں کیوں اڑتے ہیں۔ کیا عیسیٰ آنحضرت ﷺ سے افضل تھا؟ **اگر میرے ساتھ خصومت ہے تو اس میں حد سے نہ بڑھو اور وہ کام نہ کرو جو دینِ اسلام کو نقصان پہنچائے۔** خدا تعالیٰ ناقص پہلو اختیار نہیں کرتا اور بجز اس پہلو کے تم کسرِ صلیب نہیں کر سکتے۔“ (ملفوظات جلد 8 صفحہ 174 – 175)

پھر ایک موقع پر حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بیان فرماتے ہیں: **”وہ کام جس کے لیے خدا نے مجھے مامور فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ خدا میں اور اس کی مخلوق کے رشتہ میں جو کدورت واقع ہو گئی ہے اس کو دور کر کے محبت اور اخلاص کے تعلق کو دوبارہ قائم کروں اور سچائی کے اظہار سے مذہبی جنگوں کا خاتمہ کر کے صلح کی بنیاد ڈالوں اور وہ دینی سچائیاں جو دنیا کی آنکھ سے مخفی ہو گئی ہیں ان کو ظاہر کر دوں اور وہ روحانیت جو نفسانی تاریکیوں کے نیچے دب گئی ہے اس کا نمونہ دکھاؤں اور خدا کی طاقتیں جو انسان کے اندر داخل ہو کر توجہ یا دعا کے ذریعہ سے نمودار ہوتی ہیں، حال کے ذریعہ سے نمودار ہوتی ہیں، حال کے ذریعہ سے نہ محض مقال سے ان کی کیفیت بیان کروں اور سب**

سے زیادہ یہ کہ وہ خالص اور چمکتی ہوئی توحید جو ہر ایک قسم کی شرک کی آمیزش سے خالی ہے جو اب نابود ہو چکی ہے اس کا دوبارہ قوم میں دائمی پودا لگا دوں۔ اور یہ سب کچھ میری قوّت سے نہیں ہو گا بلکہ اس خدا کی طاقت سے ہو گا جو آسمان اور زمین کا خدا ہے۔ میں دیکھتا ہوں کہ ایک طرف تو خدا نے اپنے ہاتھ سے میری تربیت فرما کر اور مجھے اپنی وحی سے شرف بخش کر میرے دل کو یہ جوش بخشا ہے کہ میں اس قسم کی اصلاحوں کے لیے کھڑا ہو جاؤں اور دوسری طرف اس نے دل بھی تیار کر دیے ہیں جو میری باتوں کے ماننے کے لیے مستعد ہوں۔ **میں دیکھتا ہوں کہ جب سے خدا نے مجھے دنیا میں مامور کر کے بھیجا ہے اسی وقت سے دنیا میں ایک انقلاب عظیم ہو رہا ہے**"۔ (لیکچر لاہور، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 180 – 181)

یہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لاہور کا لیکچر تھا۔ پھر اس بات کو بیان کرتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے اظہار اور بندوں کو بچانے کے لیے اپنے فرستادے اور مصلح اور خاص بندے کو بھیجتا ہے۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ: "قانونِ قدیم حضرت ربّ العالمین کا یہی ہے کہ جب دنیا میں کسی نوع کی شدّت اور صعوبت اپنے انتہا کو پہنچ جاتی ہے تو رحمتِ الٰہی اس کے دور کرنے کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔ جیسے جب اِمساکِ باران سے غایت درجہ کا قحط پڑ کر خلقت کا کام تمام ہونے لگتا ہے تو آخر خداوند کریم بارش کر دیتا ہے اور جب وباء سے لاکھوں آدمی مرنے لگتے ہیں تو کوئی صورت اصلاح ہوا کی نکل آتی ہے یا کوئی دوا ہی پیدا ہو جاتی ہے اور جب کسی ظالم کے پنجہ میں کوئی قوم گرفتار ہوتی ہے تو آخر کوئی عادل اور فریاد رس پیدا ہو جاتا ہے۔ پس ایسا ہی جب لوگ خدا کا راستہ بھول جاتے ہیں اور توحید اور حق پرستی کو چھوڑ دیتے ہیں تو خداوند تعالیٰ اپنی طرف سے کسی بندہ کو بصیرت کامل عطا فرما کر اور اپنے کلام اور الہام سے مشرّف کر کے بنی آدم کی ہدایت کے لیے بھیجتا ہے کہ تا جس قدر بگاڑ ہو گیا ہے اس کی اصلاح کرے۔ اس میں اصل حقیقت یہ ہے کہ پروردگار جو قیوّم عالم کا ہے (دنیا کو قائم کرنے والا ہے) اور بقاء اور وجود عالم کا اسی کے سہارے اور آسرے سے ہے، کسی اپنی فیضان رسانی کی صفت کو خلقت سے دریغ نہیں کرتا اور نہ بیکار اور معطّل چھوڑتا ہے بلکہ ہر یک صفت اس کی اپنے موقع پر فی الفور ظہور پذیر ہو جاتی ہے"۔ (براہینِ احمدیہ حصہ دوم، روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 113 – 114 بقیہ حاشیہ نمبر 10)

پھر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک جگہ بیان فرماتے ہیں کہ: "وہ شخص بڑا ہی مبارک اور خوش قسمت ہے جس کا دل پاک ہو اور وہ اللہ تعالیٰ کی عظمت اور جلال کے اظہار کا خواہاں ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ اسے دوسروں پر مقدّم کر لیتا ہے۔ جو لوگ میری مخالفت کرتے ہیں ان کا اور ہمارا فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی کے سامنے ہے۔ وہ ہمارے اور ان کے دلوں کو خوب جانتا ہے اور دیکھتا ہے کہ کس کا دل دنیا کے نمود اور نمائش کے لیے ہے اور کون ہے جو خدا تعالیٰ ہی کے لیے اپنے دل میں سوز و گداز رکھتا ہے"۔ فرمایا کہ "یہ خوب یاد رکھو کہ کبھی روحانیت صعود نہیں کرتی جب تک پاک دل نہ ہو۔ جب دل میں پاکیزگی اور طہارت پیدا ہوتی ہے تو اس میں ترقی کے لیے ایک خاص طاقت اور قوّت پیدا ہو جاتی ہے پھر اس کے لیے ہر قسم کے سامان مہیّا ہو جاتے ہیں اور وہ ترقی کرتا ہے۔ آنحضرت ﷺ کو دیکھو کہ بالکل اکیلے تھے اور اس بیکسی کی حالت میں دعویٰ کرتے ہیں **یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا**۔ (الاعراف:159)

کون اس وقت خیال کر سکتا تھا کہ یہ دعویٰ ایسے بے یار و مددگار شخص کا بار آور ہو گا۔ پھر ساتھ ہی اس قدر مشکلات آپ ﷺ کو پیش آئیں کہ ہمیں تو ان کا ہزارواں حصہ بھی نہیں آئیں۔" (ملفوظات جلد 8 صفحہ 157 – 158)

پھر حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام دنیا کو عموماً نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: "ہماری آخری نصیحت یہی ہے کہ تم اپنی ایمان کی خبر داری کرو۔ یہ نہ ہو کہ تم تکبّر اور لاپرواہی دکھلا کر خدائے ذوالجلال کی نظر میں سرکش ٹھہرو۔ دیکھو خدا نے تم پر ایسے وقت میں نظر کی جو نظر کرنے کا وقت تھا۔ سو کوشش کرو کہ تا تمام سعادتوں کے وارث ہو جاؤ۔ خدا نے آسمان پر سے دیکھا کہ جس کو عزّت دی گئی اس کو پیروں کے نیچے کچلا جاتا ہے اور وہ رسول ﷺ جو سب سے بہتر تھا اس کو گالیاں دی جاتی ہیں، اس کو بدکاروں اور جھوٹوں اور افتراء کرنے والوں میں شمار کیا جاتا ہے اور اس کے کلام کو جو قرآن کریم ہے بُرے کلموں کے ساتھ یاد کر کے انسان کا کلام سمجھا جاتا ہے۔ سو اس نے اپنے عہد کو یاد کیا۔ وہی عہد جو اس آیت میں ہے: **اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا**

لَہٗ لَحَافِظُوۡنَ۔(الحجر:10) سو آج اسی عہد کے پورا ہونے کا دن ہے۔ اس نے بڑے زور آور حملوں اور طرح طرح کے نشانوں سے تم پر ثابت کر دیا ہے کہ یہ سلسلہ جو قائم کیا گیا اس کا سلسلہ ہے۔ کیا کبھی تمہاری آنکھوں نے ایسے قطعی اور یقینی طور پر وہ خدا تعالیٰ کے نشان دیکھے تھے جو اب تم نے دیکھے۔ خدا تمہارے لیے کُشتی کرنے والوں کی طرح غیر قوموں سے لڑا اور ان پر فتح پائی۔ دیکھو آتھم کے معاملہ میں بھی ایک کُشتی تھی۔ تلاش کرو آج آتھم کہاں ہے؟ سنو! آج وہ خاک میں ہے۔ وہ اسی شرط کے موافق جو الہام میں تھی چند روز چھوڑا گیا اور اسی شرط کے موافق جو الہام میں تھی پکڑا گیا۔ دوسری کُشتی لیکھرام کا معاملہ تھا۔ پس سوچ کر دیکھو کہ اس کُشتی میں بھی خدا تعالیٰ کیسے غالب آیا؟ اور تم نے اپنی آنکھ سے دیکھا کہ جس طرح اس کی موت کی الہامی پیشگوئیوں میں پہلے سے علامتیں مقرر کی گئی تھیں اسی طرح وہ سب علامتیں ظہور میں آئیں۔ خدا کے قہری نشان نے ایک قوم پر سخت سوگ وارد کیا۔ کیا کبھی تم نے پہلے اس سے دیکھا کہ تم میں اور تمہارے رُوبرُو اس جلال سے خدا کا نشان ظاہر ہوا ہو؟ سوائے مسلمانوں کی ذریّت! خدا تعالیٰ کے کاموں کی بے حرمتی مت کرو۔ تیسری کُشتی مہوتسو کے جلسے کا معاملہ تھا۔ دیکھو اس کُشتی میں بھی خدا تعالیٰ نے اسلام کا بول بالا کیا اور تمہیں اپنا نشان دکھلایا اور قبل از وقت اپنے بندے پر ظاہر کیا کہ اسی کا مضمون بالا رہے گا اور پھر ایسا ہی کر کے دکھلا بھی دیا اور مضمون کے بابرکت اثر سے تمام حاضرین کو حیرت میں ڈال دیا۔ کیا یہ خدا کا کام تھا یا کسی اور کا؟"۔ یہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام اس جلسے کا ذکر فرما رہے ہیں جہاں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب اسلامی اصول کی فلاسفی پڑھی گئی تھی اور اس کی کامیابی کے بارے میں پہلے ہی اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بتا دیا تھا اور آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کا اعلان بھی کر دیا تھا اور پھر غیروں نے برملا اس کا اظہار بھی کر دیا کہ یقیناً یہ کامیاب ترین مضمون تھا۔

پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ "پھر چوتھی کُشتی ڈاکٹر کلارک کا مقدمہ تھا جس میں تینوں قومیں آریہ اور عیسائی اور مخالف مسلمان متفق ہو گئے تھے تا میرے پر اقدامِ قتل کا مقدمہ ثابت کریں۔ اس میں خدا تعالیٰ نے پہلے سے ظاہر کر دیا کہ وہ لوگ اپنے ارادہ میں ناکام رہیں گے اور دو سو کے قریب آدمیوں کو قبل از وقت یہ الہام سنایا گیا اور آخر ہماری فتح ہوئی۔ پانچویں کُشتی مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری کا مقدمہ تھا جس کے عزیز اور لواحق اسلام سے ٹھٹھا کرتے تھے اور بعض سخت مرتدان میں سے قرآن شریف کی سخت تکذیب کر کے اور اسلام پر زبان بد کھول کر مجھ سے تصدیقِ اسلام کا نشان مانگتے تھے اور اشتہار چھپواتے تھے۔ سو خدا نے انہیں یہ نشان دیا کہ احمد بیگ عزیز ان کا چند موتوں اور مصیبتوں کو دیکھنے کے بعد تین برس کے اندر فوت ہو جائے گا۔ سو ایسا ہی ہوا اور وہ میعاد کے اندر فوت ہو گیا تا معلوم کریں کہ ہر ایک شوخی کی سزا ہے"۔ (ایام صلح، روحانی خزائن جلد14 صفحہ 325 تا 327)

پس آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دنیا کو تنبیہ کی کہ خدا تعالیٰ کے بھیجے ہوئے سے لڑائی مت کرو۔ جب اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے تو وہ مدد اور نصرت بھی فرماتا ہے، نشانات بھی دکھاتا ہے۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے پر شوکت الفاظ میں فرمایا ہے کہ "دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اس کو قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دے گا"۔ (براہینِ احمدیہ حصہ چہارم، روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 665 بقیہ حاشیہ در حاشیہ نمبر 4)

پس آج دو سو سے اوپر ممالک میں پھیلی ہوئی جماعت احمدیہ اس بات کا اعلان کر رہی ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سچائی دنیا پر ظاہر فرماتا چلا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن کو پھیلانے والوں میں حصہ دار بنائے اور ہمارے ایمان و ایقان کو مضبوط کرے اور ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(سہ روزہ الفضل انٹرنیشنل 10 اپریل 2020ء بروز جمعۃ المبارک)



صفات باری تعالیٰ

(سعدیہ جاوید – مجلس بیت النصر)

خدا تعالیٰ کی طرف توجہ پھیرنے کا سب سے برتر اور اعلیٰ ایک ہی طریق ہے کہ اس کی صفاتِ حسنہ کو اپنے سامنے لایا جائے اور اس کی صفات کے معنی و مطالب کا علم ہو تا کہ انسان اپنے پیدا کرنے والے رحمٰن خدا کی صحیح طور پر حمد و ثناء کر سکے۔ اس کی اہمیت کا اندازہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس ارشاد سے لگایا جاسکتا ہے کہ ”کوئی مذہب اسی وقت بگڑتا ہے جب اس کے پیرو صفاتِ الٰہیہ کے سمجھنے میں غلطی کرتے ہیں اور جب صفاتِ الٰہیہ کے سمجھنے میں نقص پیدا ہو گا تو ساتھ ہی شرک پیدا ہو گا“۔(الفضل 5 فروری 1916ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے فرمایا ”خدا تعالیٰ کی صفات ایک دوسرے سے پھوٹ رہی ہیں۔ ایک پہلو سے ایک صفت دوسری صفت کو پیدا کر رہی ہے اور ایک دائمی لازم و ملزوم کا تعلق ہے جو زاویہ بدلنے سے بہت ہی دلکش رنگوں میں دکھائی دیتا ہے اور نئے نئے خوبصورت رنگ اس سے پھوٹتے ہیں“۔(خطبہ جمعہ 2 جون 1995ء)

خدا تعالیٰ کی اُمّ الصّفات میں دوسری صفت حسنہ صفت رحمٰن ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں: ”پھر اللہ کی صفت **الرَّحْمٰن** بیان کی ہے اور اس صفت کا تقاضہ یہ ہے کہ وہ انسان کی فطری خواہشوں کو اس کی دعا یا التجا کے بغیر اور بدُوں کسی عمل عامل کے عطا (پورا) کرتا ہے۔ مثلاً جب انسان پیدا ہوتا ہے تو اس کے قیام و بقاء کے لیے جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے وہ پہلے سے موجود ہوتی ہیں“۔(تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد اوّل صفحہ 65)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ”جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جس طرح رحمان خدا ہماری دنیاوی ضروریات پوری کر رہا ہے، ان کے لیے ہمیں مختلف چیزوں سے نوازتا ہے اور اسی کا یہ فیض عام ہے۔ اس کی پیدا کی ہوئی چیزوں سے امیر و غریب سب برابر کا حصہ لے رہے ہیں۔ اسی طرح روحانی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بھی خدا تعالیٰ نے اپنی صفت رحمانیت کے تحت ہی انسانوں کی اصلاح کے لیے ان کو نیکیوں پر قائم رکھنے کے لیے سلسلہ نبوّت اور رسالت جاری فرمایا ہوا ہے“۔(خطبہ جمعہ 15 دسمبر 2006ء)

ذیل کے مضمون میں صفت رحمٰن کے تحت جو صفات ہیں ان ذکر کیا جائے گا۔

اَلنُّوْر: ”اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے“ (النور: 36)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام لفظ "**نور**" کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں "ہر ایک نور جو بلندی اور پستی میں نظر آتا ہے خواہ وہ ارواح میں ہے، خواہ اجسام میں اور خواہ ذاتی ہے اور خواہ عرضی اور خواہ ظاہری اور خواہ باطنی ہے اور خواہ ذہنی ہے، اسی کے فیض کا عطیہ ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حضرت رب العالمین کا فیض عام ہر چیز پر محیط ہو رہا ہے اور کوئی اس کے فیض سے خالی نہیں۔ وہی تمام فیوض کا مبدأ ہے جس نے ہر ایک چیز کو ظلمت خانۂ عدم سے باہر نکالا اور خلعت وجود بخشا"۔ (تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد ششم صفحہ 105)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ لفظ "**نور**" کی تشریح میں بیان فرماتے ہیں کہ "پس وہ تمام روشنی کی قسمیں جو مختلف النّوع ہیں جب اکٹھی ہو جائیں تو وہ جو روشنی کی ایک اجتماعی شکل ظاہر ہوتی ہے اس کو **نور** کہا جاتا ہے۔ پس صفاتِ باری تعالیٰ ہی کے ایک حسین اجتماع کا نام **نور** ہے۔ وہ صفات جب اپنی پوری شان کے ساتھ جلوہ گر ہوئی ہیں اور ایک ذات میں سب نے اجتماع کر لیا ہے تو وہ محمد مصطفیٰ ﷺ کا وجود ہے جس میں یہ تمام صفات اکٹھی ہوئیں اور اپنے درجہ کمال کو پہنچ گئیں"۔ (خطبہ جمعہ 17 نومبر 1995ء)

اَلْوَهَّاب: عطا کرنے والا، بخشنے والا، دینی اور دنیاوی ہر دو قسم کے انعامات اس میں شامل ہیں۔

اَلْوَاسِع: کشائش عطا کرنے والا۔ فراخی دینے والا، یہ وسعت اس کی رحمانیت کے ساتھ ہے۔

اَلْحَكِيْم: حکمت مراد ہے، یعنی کسی بھی چیز کو اپنی جگہ پر رکھنا نہ صرف رکھنا بلکہ کمال حسن اور علم کے ساتھ اور یہ خوبی اسی میں ہو سکتی ہے جو ہر قسم کے عیب سے پاک ہو۔ خدا تعالیٰ کی یہ صفت ہمیں جابجا نظر آتی ہے۔ **حکیم** کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ تمام اشیاء کا صحیح علم بھی رکھتا ہو۔

اَلْحَلِيْم: بردبار، **حلیم** اسے کہتے ہیں جو مغلوب الغضب نہ ہو اور انتقام لینے میں جلدی نہ کرے، باوجود طاقت کے عفو اور درگذر سے کام لے۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی ہزارہا خطائیں دیکھنے کے باوجود بھی غضب میں نہیں آتا۔

اَلْخَبِيْر: باخبر، دانا، عالم، احاطہ کرنے والا۔ اللہ کی نظر دلوں کی پاتال تک ہے جو ہم ظاہر کریں یا چھپائیں۔ سینوں کی باتوں اور رازوں سے باخبر ہے۔ وہ خوب جانتا ہے اسی وجہ سے حق دار کو اس کا حق ملتا ہے، کوئی بھی بے فیض نہیں رہتا۔ موجودہ اور آئندہ زمانوں کی خبر رکھنے والا ہے۔

اَلْمَجِيْد اَلْمَاجِد: بزرگ، شریف، عظمت و بڑائی والا، عرش کا مالک اور بزرگ شان والا ہے۔

اَلْحَمِيْد: ہر قسم کی حمد و ثناء کا مستحق۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں "اے میرے بندو! میری صفات سے مجھے شناخت کرو اور میرے کمالات سے مجھے پہچانو۔ میں ناقص ہستیوں کی مانند نہیں بلکہ میری حمد کا مقام انتہائی مبالغہ سے حمد کرنے والوں سے بڑھ کر ہے اور تم آسمانوں اور زمینوں میں کوئی قابلِ تعریف صفات نہیں پاؤ گے جو تمہیں میری ذات میں نہ مل سکیں"۔ (تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام جلد 1 صفحہ 87)

اَلْغَنِی: ہر قسم کی ضرورتوں کو پورا کرنے والا۔

اَلْمُعْطِی: عطا کرنے والا، عطا جو کبھی منقطع نہیں ہوتی، دنیا اور آخرت میں جس کی عطا جاری رہتی ہے۔

اَلْمَنَّان: بہت ہی احسان کرنے والا۔

اَلرَّقِیْب: نگہبانی کرنے والا، اصلاحِ خَلق کے لیے اقدام کرنے والا۔

اَلْمَتِیْن: قوّت والا۔

اَلْبَرُّ: نیکی اور احسان کرنے والا، اپنے بندوں کے لیے آسانی پسند کرنے والا، بہت معاف کرنے والا۔

اَلْحَافِظ: نگہبان، دینی اور دنیاوی ہلاکتوں سے بچانے والا۔

سورۃ البقرہ میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: ''اور ان دونوں (آسمانوں اور زمین) کی حفاظت اسے تھکاتی نہیں۔(256)

خدا تعالیٰ نے جو کائنات بنائی ہے جو ہمہ وقت متحرک ہے۔ کچھ ہماری نظروں کے سامنے اور کچھ بہت زیادہ او جھل ہے۔ وہ اس کو تخلیق کرنے کے بعد اس سے غافل نہیں ہوا بلکہ کائنات کی ہر چیز اور اپنی ہر تخلیق کی خوب حفاظت کے سامان کیے ہیں۔

اَلسَّلَام: حضرت خلیفۃ المسیح الرّابع رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''**سلام سے مراد مکمل امن**، کسی قسم کا خوف نہیں، تسکینِ قلب، طمانیتِ قلب، ہر وہ چیز جو ہر خوف سے آزاد کر دے اور اپنی ذات میں بھی آزاد اور اندرونی اندیشوں اور ہیجانوں سے بھی آزاد کر دے، اس اصل کامل نام **سلام** ہے۔ اور **سلام** کا لفظ سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی اور ذات پر اطلاق نہیں پا سکتا کیونکہ ایک خدا ہی ہے جو ہر خوف سے پاک ہے اور ہر ضرورت سے پاک ہے اس لیے اس کو کوئی خطرہ نہیں کہ کبھی کوئی چیز مجھے چھوڑ کر چلی جائے گی اور مجھ میں کمزوری واقع ہو جائے گی۔ اس طرح وہ صفات کے لحاظ سے بھی کلیۃً امن ہے۔ ایک لفظ **سلام** میں بکثرت خدا تعالیٰ کی دوسری صفات تعلق رکھتے ہوئے اپنے جلوے دکھاتی ہے اور اسلام کو سمجھنا ہو تو ''**سلام**'' کو اس پہلو سے سمجھنا ضروری ہے۔ **سلام** ان معنوں میں بھی ہے کہ اس کو جو دو گے ضائع نہیں ہو سکتا''۔(خطبہ جمعہ 2جون 1995)

اَلْمُؤْمِن، اَلْمُھَیْمِن: امن بخشنے والا، ہر قسم کے دکھ اور مصیبتوں سے امن دینے والی ہستی، اپنے وعدوں میں سچا، ہدایت کا راستہ بتا کر دنیا کو امن دینے والا، سب کے اعمال کا محافظ، واقف، نگہبان

اَلْبَصِیْر: بہت دیکھنے والا، نظر رکھنے ولا، بہت گہری نظر رکھنے والا۔

اَلصَّبُوْر: بڑا صبر کرنے ولا، تحمّل اور برداشت کرنے والا، مؤاخذہ میں جلدی نہ کرنے والا۔

اَلشَّافِی: شفاء دینے والی ذات، روحانی طور پر بھی اور جسمانی طور پر بھی ہر قسم کی بیماری میں۔

اَلنَّصِیْر: مدد کرنے والا، سب مددگاروں میں سب سے بہترین مدد کرنے والی ہستی، اپنے رسولوں، اپنے ولیوں کی، اپنے نیک بندوں کی مدد کرنے والا۔ قرآن کریم میں خدا تعالیٰ نے جا بجا فرمایا ہے کہ وہ بہترین مددگار ہے۔

اَلْمُطَھِّر: پاک اور پاکیزگی عطا کرنے والا، تزکیہ کرنے والی ذاتِ بابرکات، اپنے بندوں کو الزامات سے پاک کرنے والا وجود۔

اَلْجَاعِل: بنانے والا، مقرّر کرنے والا، امام بنانے والا، زمین میں خلافت بنانے والا۔

اَلْمَوْلٰی: دوست، سرپرستی کرنے والا، کارساز، آقا، مالک۔

(باقی آئندہ شمارے میں)

آنحضرت ﷺ کا عدیم المثال صبر اپنی ذات میں اور خدا اور خدائی احکام کی پیروی میں انسانی زندگی کے لیے سبق آموز نمونے

(فہمیدہ سہیل - مجلس اولن ساکر)

سکھ دکھ، رنج و شادمانی، صحت و بیماری اور راحت و تکلیف انسانی زندگی کے دو متضاد پہلو اور لازمی اجزاء ہیں۔ کوئی فرد بشر مصائب و آلام تکالیف اور حوادث زمانہ سے محفوظ نہیں۔

اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں کسی بھی قسم کے ابتلاء اور مصیبت سے گزرنے والوں کے بارے میں فرماتا ہے **اَلَّذِیۡنَ اِذَاۤ اَصَابَتۡہُمۡ مُّصِیۡبَۃٌ ۙ قَالُوۡۤا اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ۔ اُولٰٓئِکَ عَلَیۡہِمۡ صَلَوٰتٌ مِّنۡ رَّبِّہِمۡ وَ رَحۡمَۃٌ ۟ وَ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُہۡتَدُوۡنَ۔** (البقرۃ:57 – 58)

یعنی ان پر جب بھی کوئی مصیبت آئے تو (گھبراتے نہیں بلکہ یہ) کہتے ہیں کہ ہم یقیناً اللہ ہی کے ہیں اور ہم یقیناً اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر ان کے ربّ کی طرف سے برکتیں نازل ہوتی ہیں اور رحمت بھی اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

قربِ الٰہی پانے کا ایک ذریعہ خدا تعالیٰ کی صفات کو سمجھنا، پہچاننا اور پھر اس کے مطابق اپنی روز مرہ زندگی کو گزارنا ہے۔ **اَلصَّبُوۡر** صفاتِ الٰہی میں سے ایک صفت ہے۔ قرآن مجید کی 90 آیات میں صبر کے وسیع معنی بیان کیے گئے ہیں۔ ان معنوں کی عملی تفسیر آنحضرت ﷺ کی حیاتِ طیبہ سے ہمیں ملتی ہے کہ کس طرح آنحضرت ﷺ نے روز مرّہ کے معاملات سے لے کر دشمنوں کے مقابلہ تک میں صبر دکھانے کے قرینے سکھائے ہیں۔

آنحضرت ﷺ کا مقام جتنا اعلیٰ تھا اسی مناسبت سے آپ ﷺ پر ابتلاء بھی آئے یا خدائی منشاء یہ تھی کہ وہ عام مخلوق کے لیے آپ ﷺ کے اسوہ کو مشعلِ راہ بنائے کہ کس طرح آنحضرت ﷺ نے اپنی عملی زندگی میں چھوٹی بڑی تکلیف میں غیر معمولی صبر دکھایا۔ اپنے پیاروں کی موت کے صدمے کو بھی کمال صبر سے برداشت کیا۔ اپنے بیٹے ابراہیم اور اپنی صاحبزادی اُمّ کلثوم کی وفات پر کمال صبر کا نمونہ دکھایا اور اپنے پیارے خدا کی رضا کے آگے سر جھکا دیا یہ کہتے ہوئے کہ آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل غمگین ہے مگر ہم اللہ کی مرضی کے خلاف کوئی کلمہ زبان پر نہیں لائیں گے۔

رسول اللہ ﷺ نے دوستوں کی موت کے صدمے بھی دیکھے، اُحد میں 70 صحابہ شہید کیے گئے۔ آپ ﷺ کمال صبر سے خدا کی رضا پر راضی رہے۔ آپ ﷺ نے نہ صرف اپنی تکلیفوں پر صبر کیا بلکہ اپنے عزیزوں کو ملنے والی تکالیف پر بھی اُن کو صبر کی نصیحت فرمائی۔ حضرت معاذؓ بن جبل کے بیٹے کی وفات پر آپ ﷺ نے جو تعزیتی خط لکھا وہ صبر اور رضا کا ایک مکمل نمونہ تھا۔ آپ ﷺ نے بسم اللہ کے بعد تحریر فرمایا: ہمارے مال اور ہمارے اہل

وعیال سب اللہ کی عطا ہیں اور یہ سب امانتیں ہیں جو اس نے ہمارے سپرد فرمائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس بچے کے عوض سچی خوشی نصیب کرے اور اس کی موت کے بدلے تمہیں بہت سا اجر عطا کرے۔ اگر تم ثواب کی نیّت رکھتے ہو تو صبر کرو۔

آنحضرت ﷺ کی مکّی زندگی کا عدیم المثال صبر یہ ہے کہ ساری قوّتوں کے باوجود اپنی ذاتی تکلیف کے حوالے سے کبھی بھی انتقامی جذبات سے کام نہیں لیا اور کسی موقع پر بھی آپ ﷺ نے نفسانی جذبات کا استعمال نہیں کیا۔ رسولِ اکرم ﷺ نے جب نبوّت کا اعلان کیا تو مکہ کا سارا ماحول آپ ﷺ کے لیے اجنبی بن گیا۔ وہی لوگ جن کے درمیان آپ ﷺ کا بچپن اور جوانی گزری، جو آپ کی امانت و صداقت کے مداح تھے وہ آپ ﷺ کے مخالف اور جانی دشمن ہو گئے۔ آپ ﷺ کے

خوبصورت نام "محمد" کو بگاڑ کر "مذمم" (قابلِ مذمت) بلایا جاتا۔ آپ ﷺ کو بے اولاد ہونے کا طعنہ دیا جاتا۔ آپس میں ایسے اشارے کیے جاتے جس سے آپ ﷺ کی ذات کا تمسخر اُڑایا جاتا۔ آپ ﷺ کے سر پر خاک ڈال دی جاتی۔ آپ ﷺ کی بیٹی فاطمہ آپ ﷺ کا سر دھوتی جاتیں اور روتی جاتیں۔ آپ ﷺ کے راستے میں کانٹے بچھا دیے جاتے۔ آپ ﷺ کو اپنے گھر میں بھی آرام سے نہ رہنے دیا جاتا۔ ہنڈیا پک رہی ہوتی تو اس میں غلاظت پھینک دی جاتی اور اپنے گھروں کی غلاظت اور گوبر آپ ﷺ کے گھر میں پھینک دی جاتی۔ رسول اللہ ﷺ کو طوافِ کعبہ سے روکا جاتا۔ بیت اللہ میں نماز پڑھنے سے روکا جاتا۔ ایک دفعہ بیت اللہ میں نماز پڑھتے ہوئے سجدے کی حالت میں گند سے بھری ہوئی اونٹنی کی بچہ دانی آپ ﷺ کے کندھوں پر رکھ دی کہ رسول اللہ ﷺ سجدے سے اس حالت میں سر نہ اُٹھا سکتے تھے۔ الغرض اذیّت دینے کی کوئی حد مقرّر نہ تھی لیکن ہمارے پیارے رسول ﷺ کی بیٹی جب یہ گند صاف کرتے ہوئے دل گرفتہ ہو جاتیں تو بیٹی کو تسلّی دیتے ہوئے فرماتے بیٹی رونا نہیں اللہ تمہارے باپ کا محافظ ہے۔

اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس بندے کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے اور وہ یہ کہتا ہے کہ **إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِي فِي مُصِيْبَتِي وَاخْلُفْ لِي خَيْرًا مِنْهَا۔** ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں اور اے میرے اللہ! مجھے مصیبت میں اجر دے اور میرے لیے اس کے بعد اس سے بہتر عطا کر، تو اللہ تعالیٰ ضرور اُس کی مصیبت کے بدلے میں اس کو اجر دیتا ہے اور اس کے بعد اس کو اس سے بہتر عطا فرماتا ہے۔ (الجامع لشعب الایمان جلد 12 صفحہ 182۔ السبعون من شعب الایمان باب فی الصبر علی المصائب۔ حدیث 9247۔ مطبوعہ مکتبۃ الرشد۔ ناشرون 2004ء)

مظالم کے تمام حربے آزمانے کے باوجود رسولِ خدا کی استقامت نے دشمنانِ دین کے غصے کو بھڑکا دیا تو انہوں نے آپ ﷺ کو اور آپ ﷺ کے ماننے والوں کو شعب ابی طالب میں محصور کر دیا، یعنی مکمل بائیکاٹ کا اعلان۔ یہ زمانہ آنحضرت ﷺ اور آپ ﷺ کے ساتھیوں کے لیے ایک سخت تکلیف دہ اور خوف وہراس کا زمانہ تھا۔ کئی اس محصوری کے نتیجے میں فاقوں سے وفات پا گئے۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ کی محبوب بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بھی ان تکلیفوں کے نتیجے میں وفات پا گئیں۔ حضرت ابو طالب رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد کفارِ مکہ نے مظالم کی وہ انتہا کی کہ مفسّرین نے ادبِ رسول کا خیال رکھتے ہوئے آنحضرت ﷺ پر ہونے والے مظالم کو بہت کم بیان کیا۔ خود نبی کریم ﷺ نے بھی اپنے اوپر ہونے والے مظالم کا تذکرہ اپنے اہل کے ساتھ بہت کم کیا ہے لیکن یہ آپ ﷺ کا بے ثبات صبر ہی تھا جس نے ایسا عظیم انقلاب پیدا کیا کہ عرب کا وحشت خیز معاشرہ اپنی تمام انانیت اور حکمرانی چھوڑ کر آپ ﷺ کی غلامی میں فخر محسوس کرنے لگا اور پھر یہ لوگ روحانیت میں ترقی کرتے کرتے زندہ خدا کے نور کا مظہر بن گئے۔

مقاطعہ کے بعد مکہ کے لوگ مسلمانوں سے قطع تعلقی کے عادی ہو چکے تھے۔ تبلیغ کا میدان محدود ہونے کی وجہ سے آنحضرت ﷺ نے مکہ سے تقریباً چالیس میل دور طائف کی خوبصورت وادی میں بوجہ تبلیغ سفر کیا لیکن وہاں کے لوگ اذیّت دینے میں مکہ والوں سے بھی چار قدم آگے نکلے۔ انہوں نے صرف گالی گلوچ پر ہی اکتفانہ کیا بلکہ ایسا بے دردی سے پتھراؤ کیا کہ آپ ﷺ کے پاؤں خون سے لہولہان ہو گئے مگر ظالموں کا دل ٹھنڈا نہ ہوا۔ وہ آپ ﷺ کے پیچھے چلتے گئے یہاں تک کہ شہر سے دور پہاڑیوں پر پہنچ گئے۔ رسولِ خدا کا یہ سفر انتہائی تکلیف و مصائب کا سفر تھا۔ ایک مقام ایسا بھی آیا کہ فرشتے نے نازل ہو کر آپ ﷺ سے اجازت چاہی کہ ان کو سنگسار کر دیا جائے لیکن رسول اللہ نے کامل صبر سے فرمایا نہ ایسا نہ کرنا، پھر مجھ پر ایمان کون لائے گا۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی اپنی جماعت کو اسی سیرت کی تعلیم دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ”خدا ہر ایک قدم میں تمہارے ساتھ ہو گا اور کوئی تم پر غالب نہیں ہو سکے گا۔ خدا کے فضل کا صبر سے انتظار کرو۔ گالیاں سنو اور چپ رہو۔ ماریں کھاؤ اور صبر کرو اور حتّی المقدور بدی کے مقابلہ سے پرہیز کرو تا آسمان پر تمہاری قبولیت لکھی جاوے۔ یقیناً یاد رکھو کہ جو لوگ خدا سے ڈرتے ہیں اور دل ان کے خدا کے خوف سے پگھل جاتے ہیں انہیں کے ساتھ خدا ہوتا ہے“۔ (الفضل انٹرنیشنل 4/نومبر 2005ء)

تاریخ اسلام میں صلح حدیبیہ کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ صلح کی شرائط پر پہلی نظر میں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے یہ شرائط مرعوب ہو کر یا دباؤ میں آکر مانیں لیکن آپ ﷺ کی مبارک نگاہیں اس صلح کے نتیجے میں جو نتائج دیکھ رہی تھیں وہ صحابہؓ نہیں دیکھ پا رہے تھے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ طاقتور پہلوان وہ شخص نہیں جو دوسرے کو پچھاڑ دے۔ اصل پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھتا ہے۔ (صحیح بخاری کتاب الادب۔ باب الحذر من الغضب)

آپ ﷺ کی زندگی کے دوسرے دور میں آپ ﷺ نے دین کی حفاظت اور اس کو بچانے کے لیے خدا کے حکم سے مدینہ کی طرف ہجرت کی۔ مدینہ کا دور مشرکینِ مکہ کی طرف سے تکالیف کے ساتھ ساتھ منافقین مدینہ کی شرپسندیوں اور تکلیفوں کا دور ہے۔ ایک وقت ایسا آیا کہ جب آپ ﷺ نے اسلام کی حفاظت اور اپنے دفاع کے لیے تلوار اُٹھائی تو دنیا کو جنگ کے آداب سکھائے۔ ہر انسان جو جنگوں کی تاریخ جانتا ہے وہ جانتا ہے کہ فاتحین عالم فتح کے نشے میں شہروں میں داخل ہوتے ہیں تو آبادیوں کی آبادیاں اُجاڑ دیتے ہیں اور معزّز مکینوں کو بے عزت اور ذلیل کر دیا جاتا ہے۔ فتح مکہ ایک شہر کی فتح کی بجائے آپ ﷺ کے کامل صبر کے نتیجے میں عفو کی فتح کہی جا سکتی ہے۔

مسٹر آتھر کا ایک جامع بیان آپ ﷺ کے فتح مکہ کے موقع پر خُلق صبر پر واضح روشنی ڈالتا ہے۔

”اہلِ مکہ کے ماضی کے انتہائی ظالمانہ سلوک پر انہیں جس قدر بھی طیش آتا کم تھا مگر انہوں نے اپنے لشکر کو ہر قسم کے خون خرابے سے روکا۔ آپ ﷺ نے اللہ کے سامنے انتہائی بندگی و عبدیت کا مظاہرہ کیا اور شکر بجا لائے۔ صرف دس بارہ آدمی ایسے تھے جنہیں پہلے سے ہی ان کے وحشیانہ روّیے کی وجہ سے جلاوطن کر دیا گیا تھا اور ان میں سے بھی صرف چار کو قتل کیا گیا۔ لیکن دوسرے فاتحوں کی وحشیانہ افعال و حرکات کے مقابلہ میں اسے بہر حال انتہا درجے کی شرافت و انسانیت سے تعبیر کیا جائے گا“۔

آنحضرت ﷺ اپنے ذاتی معاملات اور ذاتی تکالیف پر نہایت نرمی اور صبر کا مظاہرہ کرتے لیکن دینی معاملات میں اللہ کے لیے بہت غیرت رکھتے تھے۔ جنگ اُحد اس کی ایک عمدہ مثال ہے کہ آپ ﷺ دیکھ رہے ہیں کہ دشمن آپ ﷺ کی ہتک کرکے خوشی محسوس کر رہا ہے مگر آپ ﷺ نے اس کی کوئی پرواہ نہ کی لیکن جب معاملہ خدا کی عزت کا آیا تو آپ ﷺ نے خاموشی کو ناپسند کیا جب ابوسفیان نے اپنی جھوٹی فتح کی خوشی میں نعرہ لگایا کہ ہم نے ابوبکر و عمر کو مار دیا یہاں تک کہ نعوذ باللہ رسول اللہ کو بھی قتل کر دیا۔ دراصل اس کا یہ دعویٰ رسول کریم ﷺ کی ہتک کرنا تھا۔ اس کی بار بار للکار سے بھی آنحضرت ﷺ نے انتہائی صبر کے ساتھ موقع کی نزاکت کے باعث جواب دینے سے منع فرما دیا تاکہ زخمی مسلمان دوبارہ ان کے حملے کا شکار نہ ہوں لیکن جب ابوسفیان نے فخریہ طور اعل ھبل اعل ھبل کا نعرہ لگایا کہ اے ھبل تیر ادرجہ بلند ہو تو آپ ﷺ اس مشرکانہ نعرے کو برداشت نہ کر سکے اور فرمایا جواب کیوں نہیں دیتے کہو اللہ اعلیٰ واجل کہ خدا تعالیٰ ہی سب سے بلند رتبہ اور سب سے زیادہ شان والا ہے۔

آج کے دور میں بھی آزادیٔ رائے کے تحت کئی جگہوں پر ہتک رسول یا توہین قرآن کے واقعات عام مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کرنے کا باعث بن جاتے ہیں۔ عام مسلمان اس کے ردِّ عمل کے طور پر ہڑتالیں اور توڑ پھوڑ شروع کر دیتے ہیں لیکن جماعت احمدیہ جس کا دعویٰ ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کی تعلیم کو پھیلانے اور اُن کے اسوہ کی پیروی کرنے کے لیے قائم ہوئی ہے، اس کا ہر فرد خلیفہ وقت کی ہدایت پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم پر عمل کرتا ہے کہ اس قسم کی حرکات کرنے والوں کو سمجھاؤ، آنحضرت ﷺ کے محاسن بیان کرو، دنیا کو ان خوبصورت اور روشن پہلوؤں سے آگاہ کرو جو دنیا کی نظر سے چھپے ہوئے ہیں اور اللہ سے دعا کرو کہ یا تو اللہ تعالیٰ ان کو ان حرکتوں سے باز رکھے یا پھر خود ان کی پکڑ کرے۔ اللہ تعالیٰ کی پکڑ کے اپنے طریقے ہیں وہ بہتر جانتا ہے کہ اس نے کس طریقے سے کس کو پکڑنا ہے۔ (خطبہ جمعہ 10 فروری 2006ء)

انسان آج جس مادیت کے دور سے گزر رہا ہے جہاں پر رشتے اور تعلق ثانوی حیثیت اختیار کر رہے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ محبت، ایثار، قربانی کی جگہ اپنی اغراض اوّلین حیثیت اختیار کر رہی ہیں، ہمیں خدا تعالیٰ کے وعدے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ یعنی کہ بے شک وہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے، ہمیں ایک پُر امن گھر، ایک پُر امن خاندان اور ایک پُر امن معاشرہ کے قیام کی ضرورت ہے۔ صبر اور تحمّل کی انفرادی زندگی میں بھی ضرورت ہے اور اجتماعی زندگی میں اس کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے جہاں مختلف طبیعتوں کے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے اور اگر بعض معاملات میں صبر اور ضبط سے کام نہ لیا جائے تو اجتماعیت میں جو فوائد ہیں اس سے انسان محروم ہو جاتا ہے۔

یحیٰ بن وثّاب نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک بزرگ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ وہ مسلمان جو لوگوں سے ملتا جلتا رہتا ہے اور ان کی تکلیف دہ باتوں پر صبر کرتا ہے، اُس مسلمان سے بہتر ہے جو نہ تو لوگوں سے میل ملاپ رکھتا ہے اور نہ ہی ان کی تکلیف دہ باتوں پر صبر کرتا ہے۔ (سنن ترمذی۔ کتاب القیامۃ والرقائق)

(استفادہ کتب: اسوۂ انسان کامل۔ سیرت النبی ﷺ۔ نبیوں کا سردار)

(لجنہ اماء اللہ ناروے کی طرف سے مؤرخہ 6 دسمبر 2019ء کو منعقد کیے گئے نعتیہ مشاعرے میں پڑھی گئی)

نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

(شاہدہ ناصر)

ہوا فاراں پہ جو جلوہ گر ہے
براہیمی دعاؤں کا ثمر ہے

وہی میرا نبی میرا نبی ہے
سب نبیوں سے وہ بالاتر ہے

ملائک نہ پہنچ پائے جہاں تک
وہی تو میرے دلبر کی گذر ہے

نوشتوں میں لکھا تھا جو ازل سے
وہی خاتم وہی خیر البشر ہے

نور چمکا ہے اسی کا ارض و سماء میں
ہوا قلب محمدؐ پہ خدا جلوہ گر ہے

میرے آقا پہ درود، سلام اور رحمت
وہی میرا شفیع روزِ حشر ہے

میرا ہر راہ پہ جو راہبر ہے
وہی ظلمات میں نورِ سحر ہے

نور اس کا ہی چمکا ہے مکرر
اسی پرتو سے جاری پھر امر ہے

برکتوں سے اس کی پیے جام بہت ہیں

گواہ اس کی یہ محفل، بیت النصر ہے

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمتِ اسلام

(صدیقہ وسیم ۔ مجلس فرید رکستاد)

"اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے مشن کو پورا کرنے کے لیے اور اپنے آخری دین کی تکمیل کی اشاعت کے لیے حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مسیح و مہدی اور آنحضرت ﷺ کی کامل پیروی اور اتباع میں غیر شرعی نبی کا اعزاز دے کر دنیا میں بھیجا۔ آنحضرت ﷺ کے ساتھ یہ عشق و محبت ہی تھا جس کی وجہ سے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام اسلام کے دفاع کے لیے جہاں قرآن کریم کا گہرا مطالعہ فرماتے تھے وہاں دوسرے مذاہب کی کتب کا بھی مطالعہ کر کے قرآن کریم کی برتری ثابت کرنے کی کوشش میں لگے رہتے تھے۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مشن آنحضرت ﷺ کی حکومت کو دنیا میں قائم کرنا اور قرآن کریم کی حقانیت کو ثابت کرنا تھا"۔ (الفضل انٹرنیشنل 3/جولائی 2009ء)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمات

"حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کام مسلمانوں کو آنحضرت ﷺ کے مقام کی پہچان کروانا اور دوسرے مذاہب کے حملوں سے بچانا تھا اور نہ صرف بچانا ہی بلکہ اسلام کی خوبصورت تعلیم کو دنیا میں پھیلانا بھی تھا، اُس ہدایت سے دنیا کو روشناس کروانا بھی تھا جو آخری شرعی نبی کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ پر اتاری تھی اور جس کے متعلق روایات میں آتا ہے کہ آخری زمانے میں مسیح و مہدی نے آکر یہ کام کرنا ہے کہ اسلام کو تمام ادیان پر اللہ تعالیٰ کی مدد سے غالب کرنا ہے۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ دعویٰ فرمایا کہ "وہ مسیح و مہدی جو آنا تھا وہ میں ہوں اور اپنے دعوے کی سچائی میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بیشمار پیشگوئیاں فرمائیں جو بڑی شان سے پوری ہوئیں"۔ (الفضل انٹرنیشنل 13/اپریل 2007)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کام کا آغاز نہایت شجاعت اور جوانمردی کے کاری وار سے کیا کہ غیر بھی پکار اٹھے کہ آنحضور ﷺ کے دورِ اوّل کے بعد آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ کسی کو ایسی توفیق نہیں ملی۔ اس سلسلہ میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سب سے پہلی تصنیف براہین احمدیہ گویا اہل اسلام کے لیے جدید اور مضبوط ہتھیاروں کا ایک اسلحہ خانہ ثابت ہوئی جس نے دشمن کے کیمپ میں ایک ہلچل مچادی۔ اس کتاب پر مولوی محمد حسین بٹالوی نے وہ تاریخی خراج عقیدت پیش کیا جو رہتی دنیا تک یاد کیا جاتا رہے گا۔

مولوی محمد حسین بٹالوی صاحب موصوف نے لکھا کہ "ہماری رائے میں یہ کتاب اس زمانے میں اور موجودہ حالت کی نظر سے ایسی کتاب ہے جس کی نظیر آج تک اسلام میں تالیف نہیں ہوئی اور آئندہ کی خبر نہیں"۔ (تاریخ احمدیت جلد 1 صفحہ 172)

غرض براہین احمدیہ جیسی عظیم کتاب کے ساتھ اس غلبہ کی بنیاد رکھی گئی اور اس کے بعد تمام بڑے بڑے مذاہب عیسائیت، ہندومت وغیرہ کو جو اسلام پر حملہ آور تھے، اسی طرح مغربی فلسفہ کے زہریلے اثر کو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نہ صرف آسمانی نشانوں سے پارہ پارہ کیا بلکہ دلائل و براہین قاطعہ

کے ساتھ بھی ان کا ایسامنہ توڑ جواب دیا، ان کا ایسا ناطقہ بند کیا اور اس دفاع کے بعد اسلام کی طرف سے ایسے زور دار حملے کیے کہ انہیں میدان سے بھاگنے کے سوا چارہ نہ رہا اور جو پہلے فتح کے شادیانے بجا رہے تھے اچانک سوگوار ہو کر اپنی ناکامیوں پر ماتم کرنے لگے اور ان کی حالت حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اس شعر کے مطابق ہوگئی۔

اک بڑی مدت سے دیں کو کفر تھا کھاتا رہا　　　اب یقیں سمجھو کہ آئے کفر کو کھانے کے دن

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات پر ایک عظیم الشّان عہد

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات کے معاً بعد کچھ لوگ گھبرائے کہ اب کیا ہوگا۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ”مجھے یاد ہے گو میں اس وقت انیس سال کا تھا مگر میں نے اسی جگہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سرہانے کھڑے ہو کر کہا کہ اے خدا! میں تجھ کو حاضر ناظر جان کر تجھ سے سچے دل سے یہ عہد کرتا ہوں کہ اگر ساری جماعت احمدیت سے پھر جائے تب بھی وہ پیغام جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ تو نے نازل فرمایا ہے، میں اس کو دنیا کے کونے کونے میں پھیلاؤں گا“۔ (سوانح فضلِ عمر جلد اوّل صفحہ 178-179)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اسلام کی ترقی کی تڑپ

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ انتہائی کم عمری میں راتوں کو سجدوں میں گر کر اسلام کی ترقی کی دعائیں کیا کرتے تھے۔ یہی تڑپ تھی جس کی وجہ سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سارے ہندوستان میں سفر اختیار کیے اور مختلف مقامات پر شرک، خدا کی وحدانیت، حضرت محمد ﷺ کے اوصافِ حمیدہ کا بیان اور قرآنی حقائق و معارف پر دلنشین تقریریں کیں۔ اسی طرح آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات پر اچھالنے والے کیچڑ کے جواب میں سارے ہندوستان میں جگہ جگہ سیرت النبی ﷺ کے جلسوں کے ذریعہ آپ ﷺ کی سیرت کا پرچار کیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

پھیلاؤ سب جہان میں قولِ رسول کو　　　حاصل ہو شرق و غرب میں سطوت خدا کرے

کشمیر میں بہائیت کے خاتمے کی جدّوجہد، اسلام کو ہندوستان سے باہر کی دنیا میں پھیلانے کی مہم کو تیز کرنے کے لیے تحریک جدید کی سوچ اور پھر دنیا بھر میں مساجد، مشن کھولنے اور مبلغین بھیجنے کی باسعادت تدبیر میں اس کم عمر نوجوان کی اسلام کو زندہ دیکھنے کی تڑپ کی واضح جھلک ملتی ہے۔ وہ تڑپ جو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تھی وہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لاشعور میں اللہ تعالیٰ خوابوں اور کشفی نظاروں کے ذریعے بھی ظاہر کرتا رہتا تھا۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمتِ قرآن

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تبلیغ اسلام کو ہندوستان سے باہر پھیلانے کے کام میں جو سب سے پہلا کام کیا وہ قرآن کریم کے دوسری زبانوں میں تراجم تھے جس میں سب سے پہلے انگلش کی طرف توجہ کی۔ وہ عظیم کام جو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قرآن کی خدمت کا کیا وہ تفسیرِ صغیر اور تفسیرِ کبیر کا لکھنا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

قرآن پاک ہاتھ میں ہو دل میں نور ہو　　　مل جائے مومنوں کو فراست خدا کرے

جماعت کے خلاف اٹھنے والے فتنوں کا قلع قمع

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دل میں اسلام کو دنیا بھر میں نئے سرے سے زندہ کرنے اور اپنے مقدّس باپ کی میّت پر کھڑے ہو کر کیے ہوئے وعدے کو پورا کرنے کی تڑپ تھی۔ایک طرف آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دن اور رات نئے سے نئے منصوبے بنانے اور ان کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں صرف ہوتے اور ساتھ ساتھ جماعت کی اندرونی تربیت کے لیے خطبات، درس و تدریس، تنظیمات اور مختلف شعبہ جات کے قیام کا سلسلہ جاری تھا تو دوسری طرف جماعت کے خلاف ہونے والے بہت سے اندرونی اور بیرونی فتنوں کا مقابلہ بھی کرنا پڑ رہا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں بہت سے فتنوں نے سر اٹھایا مثلاً سب سے پہلے جماعت احمدیہ کو اندرونی طور پر جن فتنوں سے نبرد آزما ہونا پڑا ان میں سخت ترین فتنہ خلافت ثانیہ کے وقت انکارِ خلافت کا تھا۔ یہ وقت جماعت پر ایک کڑی ابتلاء کا تھا۔ منکرین خلافت کا اس کے بعد شدھی کی تحریک اور پھر فتنہ احرار۔

فتنہ احرار تو حد سے زیادہ بڑھ گیا کیونکہ اس میں انگریزی حکومت کے اعلیٰ افسر اور خود گورنر پنجاب بھی جماعت کے خلاف ہو کر احراریوں کی مدد کرنے لگا۔ ایسا لگتا تھا کہ اب سارا ملک ہی ان کے ساتھ ہو گیا ہے یہاں تک کہ قادیان کے اندر بھی جلسے جلوس کیے گئے مگر حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت ہمّت سے ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مقابلہ کیا۔ فتنوں کی اس شدّت کے عالم میں خدا تعالیٰ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تسلی دی جس کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اعلان فرمایا کہ ”زمین ہمارے دشمنوں کے پیروں سے نکل رہی ہے اور میں ان کی شکست کو ان کے قریب دیکھ رہا ہوں“۔(اخبار الفاروق)

احرار کا فتنہ جب اپنے عروج پر تھا تو اس وقت حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اعلان فرمایا کہ ”تم احرار کے فتنہ سے مت گھبراؤ۔ خدا مجھے اور میری جماعت کو فتح دے گا کیونکہ خدا نے جس راستہ پر مجھے کھڑا کیا ہے وہ فتح کا راستہ ہے، جو تعلیم مجھے دی ہے وہ کامیابی تک پہنچانے والی ہے اور جن ذرائع کے اختیار کرنے کی اس نے مجھے توفیق دی ہے وہ کامیاب و بامراد کرنے والے ہیں“۔(سوانح فضل عمر جلد سوم صفحہ 295)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولو العزمی کا غیروں نے بھی اعتراف کیا ہے۔ چنانچہ خواجہ حسن نظامی صاحب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق بیان کرتے ہیں کہ ”مخالفت کی آندھیوں میں اطمینان سے کام کر کے اپنی مغلئی جوانمردی کو ثابت کر دیا“۔(قلمی چہرے از خواجہ حسن نظامی بحوالہ سوانح فضل عمر جلد 2 صفحہ 5)

ایک بڑے مخالف مولانا ظفر علی خان اپنے ساتھیوں کو مخاطب ہوتے ہوئے کہتے ہیں: ”کان کھول کر سن لو! تم اور تمہارے لگے بندھے مرزا محمود کا مقابلہ قیامت تک نہیں کرسکتے۔ مرزا محمود کے پاس قرآن کا علم ہے تمہارے پاس کیا دھرا ہے؟“ (ایک خوفناک سازش از مولانا مظہر علی اظہر صفحہ: 196)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعلیمی خدمات

مسلمانوں میں پڑھے لکھے افراد بہت کم تھے۔ مسلمان علماء نے انگریزی پڑھنا اور سائنسی علوم سیکھنا حرام قرار دیا تھا۔ اس وجہ سے ہندو آگے بڑھ رہے تھے اور مسلمان تنزّل کا شکار تھے۔ احمدی اپنے وسائل اور تعداد میں بہت کم تھے اور ایمان لانے والے اکثر تو غریب خاندانوں سے تعلق رکھتے تھے۔ ان

حالات میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کامیاب جدّ و جہد معجزہ سے کم نہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے **سو فیصد خواندگی** کے منصوبہ کو جماعت کے مرکزی منصوبے کا حصہ بنایا اور شرح خواندگی بڑھانے کے لیے یہ تحریک بھی کی کہ جگہ جگہ سکول کھولے جائیں۔ چنانچہ 12 اپریل 1914ء کی تقریر میں یہ بھی فرمایا کہ ”ایک مدرسہ (تعلیم الاسلام ہائی سکول) کافی نہیں ہے جو یہاں کھولا ہوا ہے۔ اس مرکزی سکول کے علاوہ ضرورت ہے کہ مختلف مقامات پر مدرسے کھولے جائیں۔ میری یہ رائے ہے جہاں جہاں بڑی جماعت ہے وہاں سرِ دست پرائمری سکول کھولے جائیں“۔ پھر فرمایا ”مومن کسی معاملہ میں پیچھے نہیں رہتا پس تعلیم عامہ کے معاملہ میں ہمیں جماعت کو پیچھے نہیں رکھنا چاہیے“۔ (انوار العلوم جلد 2 صفحہ 49)

اس ضمن میں حضور رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواتین کی طرف بھی خصوصی توجہ فرمائی۔ مردوں کی نسبت ہندوستان میں خواتین کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں فرش سے اُٹھایا اور عرش پر پہنچا دیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 15 دسمبر 1922ء میں لجنہ اماء اللہ کی تنظیم قائم فرمائی اور لکھنے پڑھنے کی سکیم کو بہت توجہ سے جاری فرمایا۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تعلیم الاسلام کالج ربوہ کا افتتاح کرتے ہوئے یہ دعا کی: ”اب میں دعا کر دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہماری نیک خواہشات کو پورا فرمائے اور یہ بیج جو آج اس مقام پر ہم بو رہے ہیں اس سے ایک دن ایسا درخت پیدا ہو جس کی ایک ایک ٹہنی ایک بڑی یونیورسٹی ہو، ایک ایک پتّا کالج ہو اور ایک ایک پھول اشاعتِ اسلام اور تبلیغِ دین کی ایک اعلیٰ درجہ کی بنیاد ہو جس کے ذریعہ کفر اور بدعت دنیا سے مٹ جائے اور اسلام اور احمدیت کی صداقت اور خدا تعالیٰ کی ہستی اور اس کی وحدانیت کا یقین لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو جائے۔ (تاریخ احمدیت جلد 9 صفحہ 53)

تبلیغِ دین و نشرِ ہدایت کے کام پر ۔۔۔ مائل رہے تمہاری طبیعت خدا کرے
سایہ فگن رہے وہ تمہارے وجود پر ۔۔۔ شامل رہے خدا کی عنایت خدا کرے
زندہ رہیں علوم تمہارے جہان میں ۔۔۔ پائندہ ہو تمہاری لیاقت خدا کرے

”لجنات حضورِ انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔
جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لیے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔“

خلاصہ کتاب لیکچر سیالکوٹ

(صدیقہ ناصرہ ۔ مجلس فریدرکستاد)

یہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک لیکچر ہے جو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے 2 نومبر 1904ء کو (سیالکوٹ کی جماعت کو (ان کے بھرپور اصرار پر کہ ان کے پاس بھی تشریف لائیں) دیا۔ اس مجمع میں ہندو اور مسلمان سب ہی موجود تھے اور بعد میں یہ "لیکچر سیالکوٹ" کے نام سے کتابی شکل میں شائع ہوا۔ اس لیکچر میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسلام اور دوسرے مذاہب کا مقابلہ کرتے ہوئے اور اسلام کی حقانیت اور زندگی کا ثبوت پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ "دنیا کے تمام مذاہب پر اگر نظر کی جائے تو معلوم ہوگا کہ بجز اسلام ہر ایک مذہب اپنے اندر کوئی نہ کوئی غلطی رکھتا ہے اور یہ اس لیے نہیں کہ درحقیقت وہ تمام مذاہب ابتداء سے جھوٹے ہیں بلکہ اس لیے کہ اسلام کے ظہور کے بعد خدا نے ان مذاہب کی تائید چھوڑ دی اور وہ ایسے باغ کی طرح ہو گئے جس کا کوئی باغبان نہیں اور جس کی آبپاشی اور صفائی کے لیے کوئی انتظام نہیں اور روحانیت جو مذہب کی جڑ ہوتی ہے وہ بالکل جاتی رہی اور صرف خشک الفاظ ہاتھ میں رہ گئے مگر خدا نے اسلام کے ساتھ ایسا نہ کیا اور چونکہ وہ چاہتا تھا کہ یہ باغ ہمیشہ سرسبز رہے اس لیے اس نے ہر یک صدی پر اس باغ کی نئے سرے سے آبپاشی کی اور اس کو خشک ہونے سے بچایا"۔

اس لیکچر میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دنیا کی عمر کا ذکر بھی کیا جو کہ خدا نے آدم سے لے کر آخیر تک ساتھ ہزار برس رکھی ہے۔ ہدایت اور گمراہی کے لیے ہزار ہزار سال کے دور مقرّر کیے ہیں یعنی ایک وہ دور جس میں ہدایت کا غلبہ ہوتا ہے اور دوسرا وہ جس میں ضلالت اور گمراہی کا غلبہ ہوتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بہت وضاحت سے ان ادوار کا ذکر کیا ہے۔ آپ لوگوں کے اس اعتراض کا جواب بھی تحریر کرتے ہیں کہ قیامت کا کسی کو علم نہیں پھر آدم سے آخیر تک سات ہزار سال کیونکر مقرّر کر دیئے جائیں؟

مزید اس میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دعوے کے دلائل میں اس آخری زمانے کی علامات کا کافی تفصیل سے بیان فرمایا مثلاً کسوف و خسوف کا نشان، طاعون کا پھوٹنا، اونٹوں کا بیکار ہونا وغیرہ۔ اپنے الہامات اور پیشگوئیوں کا بھی ذکر فرمایا ہے جو براہینِ احمدیہ میں درج ہیں اور یہ تقریباً آج سے 24 سال پہلے کی بات ہے جب لوگوں کی نظر میں میں کسی حساب میں نہ تھا۔ اسی لیے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نبی کی سچائی کو پرکھنے کے تین طریق بھی بیان کیے؛

1۔ **عقل** سے یعنی دیکھنا چاہیے کہ جس وقت وہ نبی آیا عقل سلیم گواہی دیتی ہے یا نہیں کہ اس وقت اس کے آنے کی ضرورت بھی تھی یا نہیں اور انسانوں کی حالت موجودہ چاہتی تھی یا نہیں کہ ایسے وقت میں کوئی مصلح پیدا ہو؟

2۔ **پہلے نبیوں کی پیشگوئی** یعنی دیکھنا چاہیے کہ پہلے کسی نبی نے اس کے حق میں یا اس کے زمانہ میں کسی کے ظاہر ہونے کی پیشگوئی کی ہے یا نہیں؟

3۔ **نصرتِ الٰہی اور تائید آسمانی** یعنی دیکھنا چاہئے کہ اس کے شامل حال کوئی تائید آسمانی ہے یا نہیں؟

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قرآن کریم کے اس وعدہ کو بھی بیان کیا کہ آنحضور ﷺ اپنے زمانہ نبوّت کے اوّل اور آخر کے لحاظ سے حضرت موسیٰ کے مشابہ ہوں گے۔

"پس وہ مشابہت ایک تو اوّل زمانے میں تھی جو آنحضور ﷺ کا زمانہ تھا اور ایک آخری زمانے میں۔ سو اوّل مشابہت یہ ثابت ہوئی کہ جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خدا نے آخر کار فرعون اور اس کے لشکر پر فتح دی اسی طرح آنحضور ﷺ کو آخر کار ابوجہل پر جو اس زمانے کا فرعون تھا اور اس کے

لشکر پر فتح دی اور ان سب کو ہلاک کر کے جزیرہ عرب میں اسلام قائم کر دیا اور آخری زمانے میں مشابہت یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے ملت موسوی کے آخری زمانے میں ایک ایسا نبی مبعوث فرمایا جو جہاد کا مخالف تھا اور دینی لڑائیوں سے اسے کچھ سروکار نہ تھا بلکہ عفو اور درگزر اس کی تعلیم تھی۔ ایسا ہی آنحضور ﷺ کے آخری زمانہ میں رسم جہاد کو اٹھا دیا جیسا کہ پہلے سے خبر دی گئی تھی کہ مسیح موعود کے زمانے میں جہاد موقوف کر دیا جائے گا۔ اسی طرح مجھے عفو اور درگذر کی تعلیم دی گئی اور میں ایسے وقت میں آیا جب کہ اندرونی حالت اکثر مسلمانوں کی یہودیوں کی طرح خراب ہو چکی ہے۔ یہ بھی ایک مشابہت دی ہے کہ پہلا مسیح یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام سے چودھویں صدی پر ظاہر ہوا تھا اور ایسا ہی آخری مسیح آنحضرت ﷺ سے چودھویں صدی پر ظاہر ہوا۔ اور اس امت کے مسیح موعود کے لیے ایک اور مشابہت حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ہے اور وہ یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پورے طور پر بنی اسرائیل میں سے نہ تھے بلکہ صرف ماں کی وجہ سے اسرائیلی کہلاتے تھے۔ ایسا ہی اس عاجز کی بعض دادیاں سادات میں سے ہیں گو باپ سادات میں سے نہیں۔ غرض موسوی اور محمدی مماثلت کو پورا کرنے کے لیے ایسے مسیح موعود کی ضرورت تھی جو ان تمام لوازم کے ساتھ ظاہر ہوتا۔"

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہودیوں اور عیسائیوں کے حضرت مسیح کے رفع اللہ علیہ کے متعلق جو غلط عقائد تھے ان کی تفصیل سے نفی کی ہے جیسا کہ یہودیوں کا یہ ماننا تھا کہ جو شخص صلیب پر جان دے اس کی روح آسمان پر نہیں جاتی، ایسا شخص ملعون ہوتا ہے اور اس کا خدا کی طرف رفع نہیں ہوتا۔ ان کے عقیدہ کے مطابق نعوذ باللہ حضرت مسیح مومن اور صادق نہ تھے اور اسی طرح عیسائیوں کے اس عقیدہ کی کہ آپ کو خدا تعالیٰ نے مع جسم عنصری آسمان پر اٹھا لیا ہے گویا نعوذ باللہ خدا یہودیوں سے ڈرتا تھا کہ کہیں وہ مسیح کو پھر سے نہ پکڑ لیں۔

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے معرفتِ الٰہی حاصل کرنے کا ایک مفید نسخہ بیان کیا وہ یہ کہ دعا کرو، صرف نماز ہی نہ ہو بلکہ ہر وقت اس خدا سے دعا کے ذریعہ مدد طلب کرو۔ دعا وہ اکسیر ہے جو ایک مشت خاک کو کیمیا کر دیتی ہے اور وہ ایک پانی ہے جو اندرونی غلاظتوں کو دھو دیتا ہے۔

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ **"میرا اس زمانے میں خدا تعالیٰ کی طرف سے آنا محض مسلمانوں کی اصلاح کے لیے نہیں ہے بلکہ مسلمانوں اور ہندوؤں اور عیسائیوں تینوں قوموں کی اصلاح منظور ہے اور جیسا کہ خدا نے مجھے مسلمانوں اور عیسائیوں کے لیے مسیح موعود بنا کر بھیجا ہے ایسا ہی میں ہندوؤں کے لیے بطور اوتار کے ہوں"۔**

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس لیکچر میں پہلی مرتبہ ہندوؤں کے لیے کرشن ہونے کا دعویٰ کیا۔ پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بحیثیت کرشن آریہ صاحبان کو ان کی چند بنیادی غلطیوں کی طرف توجہ دلائی۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جب انسان گندی زندگی سے توبہ کر کے ایک پاک زندگی کا خواہاں ہو تو اس کے حصول کے لیے تین باتیں ضروری ہیں؛

1۔ **تدبیر اور مجاہدہ** کہ جہاں تک ممکن ہو گندی زندگی سے باہر آنے کی کوشش کرے۔

2۔ **دعا** کہ ہر وقت جنابِ الٰہی میں نالاں رہے تا وہ گندی زندگی سے اپنے ہاتھ سے اس کو باہر نکالے۔ اگر گندے پاک ہو سکتے ہیں تو دعاؤں سے۔ مگر دعا کرنا اور مرنا قریب ہے۔

3۔ **طریق صحبت کاملین اور صالحین** ہے۔ کیونکہ ایک چراغ سے دوسرا چراغ روشن ہوتا ہے۔

آخر میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں: "ہم جنابِ الٰہی میں دعا کرتے ہیں کہ اس تقریر کو بہتوں کے لیے موجب ہدایت کرے جیسا کہ اس مجمع میں ظاہری اجتماع نظر آ رہا ہے ایسا ہی تمام دلوں میں ہدایت کے سلسلہ میں باہم ربط اور محبت پیدا کر دے اور ہر ایک طرف ہدایت کی ہوا چلا وے۔ بغیر آسمانی روشنی کے آنکھیں کچھ نہیں دیکھ سکتیں۔ سو خدا آسمان سے روحانی روشنی کو نازل کرے تا آنکھیں دیکھ سکیں اور غیب سے ہوا پیدا کرے تا کان سنیں"۔

علامہ ابنِ خلدون

(سیّدہ بشریٰ خالد – مجلس نوردرے فولو)

پیدائش اور خاندان

علامہ ابن خلدون 1332ء میں تیونس میں پیدا ہوئے۔ آپ کی کنیت ابوزید اور آپ کا مکمل نام عبدالرحمٰن بن محمد بن محمد بن حسن بن محمد بن جابر بن محمد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن خلدون الاشبیلی المغربِی الحضرمی ہے۔ آپ حضرموت (بلادِ یمن) کے رہنے والے وائل بن حجر کی نسل میں سے تھے جو بلادِ عرب میں معروف اور جنہیں آنحضرت ﷺ کی صحبت نصیب ہوئی۔

وائل بن حجر بن ربیعہ بن وائل بن یعمر حضرمی صحابی تھے اور حضرموت آپ یمن کے اقیال سے تھے، ان کے والد وہاں کے بادشاہ تھے۔ اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک وفد کے ساتھ حاضر ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ ان کے مدینہ آنے کی بشارت کئی دن پہلے دے چکے تھے۔ چنانچہ اپنے اصحاب سے فرمایا کہ ”تمہارے پاس دور کا سفر کرکے حضرموت سے وائل بن حجر آئیں گے اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی کی خاطر، وہ بادشاہوں کی اولاد میں سے ہیں“۔ جب وہ رسولِ خدا کے سامنے آئے تو آپ ﷺ نے ان کا استقبال کیا اور اپنے قریب کیا، پھر اپنی چادر بچھائی اور ساتھ میں اس پر بیٹھ گئے اور فرمایا ”اے اللہ وائل اور اس کی اولاد میں برکت دے“۔ (مشکاۃالمصابیح جلد 1 حدیث 761)

تیسری صدی ہجری کے اواخر میں جب امیر عبداللہ مروانی کا دَور دَورہ تھا، ابنِ خلدون کے اجداد حضرموت سے اندلس کے شہر قرمونہ (Carmona) ہجرت کر گئے۔ پھر اشبیلیہ (Seville) پہنچے۔ بعد ازاں ساتویں صدی ہجری کے وسط میں تیونس ہجرت کی۔ وہیں یکم رمضان 732ھ (27 مئی 1332ء) کو ابنِ خلدون پیدا ہوئے۔

تعلیم

علامہ ابنِ خلدون کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ وہ نہ صرف فلسفہ تاریخ کے موجد و بانی ہیں بلکہ عمرانیات، سیاسیات اور اقتصادیات کے کئی مبادی اصول بھی اُن سے منسوب ہیں۔ ابنِ خلدون ایک علمی گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ چنانچہ اُنہیں جیّد علمائے کرام سے فیض یاب ہونے کا موقع ملا۔ حفظِ قرآن اور قرأتِ سبعہ کی تعلیم ابوعبداللہ محمّد بن نزل انصاری سے حاصل کی۔ اپنے والد اور دیگر مشائخ مثلاً ابوعبداللہ محمّد عربی، ابوعبداللہ شواش اور ابوالعباس وغیرہ سے علومِ اصول و فقہ اور ابوعبداللہ محمّد بن محمّد عبداللہ الحیانی اور ابوالقاسم محمّد سے علم المعانی، فلسفہ، منطق، ریاضی اور علومِ لسانیات و انشاء کا درس لیا۔ الاجازۃ فی الحدیث ابوعبداللہ بن محمّد جابر سے، جو اُس وقت کے امام المحدثین تھے، حاصل کی۔ اشعار کی بھی کچھ کُتب حفظ کیں مثلاً حماسہ، متنبّی اور کتاب الاغانی وغیرہ۔ کچھ عرصے بعد اُن کے خاندان نے طاعون کے خوف سے تیونس سے ”

ہوارہ" کارُخ کیا۔ اس مقام پر ہواریوں سے لڑائی ہوئی اور تمام مال و اسباب لٹ گیا۔ علامہ صاحب جان بچا کر انتہائی بے سرو سامانی کی حالت میں محمد بن عبدون مالک سبطہ کے پاس چلے گئے۔ ابن عبدون نے پورا سامانِ سفر درست کر کے ایک قافلے کے ساتھ مغرب کی طرف روانہ کیا۔ وفصہ کے مقام پر پہنچ کر فقیہ محمد ابن مزنی کے انتظار میں کچھ دیر ٹھہرے رہے۔ ان کے آنے کے بعد دونوں دوست زاب کی طرف روانہ ہوئے۔ مقامِ بسرہ تک دونوں کا ساتھ رہا۔ ادھر سردیاں گزار کے آپ تلمسان چلے گئے اور ذی علم ابن ابو عمرو کی صحبت اختیار کر کے علومِ باطنی کی تحصیل و تکمیل میں مصروف ہوئے۔ مزید بر آں ابو عبد اللہ محمّد بن عبد الرزاق، ابو عبد اللہ بن محمّد بن الصفامراکشی، ابو عبد اللہ المغربی، ابو عبد اللہ محمّد بن احمد العلوی سے استفادہ کیا۔

قید اور رہائی

755ھ میں سلطان ابو عنان المرینی جس وقت فارس میں آئے تو انہوں نے علامہ کو طلب کیا۔ آپ وہاں گئے تو بادشاہ نے آپ کو عزّت و شرف سے نوازا اور آپ کی خداداد صلاحیت اور قابلیت کی قدر کرتے ہوئے آپ کو عہدۂ کتابت پر مقرر کیا۔ اس خدمت کے ساتھ ساتھ آپ علم حاصل کرتے رہے۔ اس عہدہ کی بناء پر ہم عصروں میں حسد اور جلن کا لاوا پھٹنے لگا اور وہ سلطان سے وقتاً فوقتاً علامہ کی برائیاں اور غیبت کرنے لگے لیکن سلطان کو اس کی طرف سے کوئی بدگمانی پیدا نہیں ہوئی۔ اتفاق سے انہی واقعات کے دوران علامہ کے رسمی تعلقات امیر محمد والی بجایہ سے بڑھ گئے اس وجہ سے کہ زمانہ حکومت موحدین میں علامہ کے خاندان کو اس کے خاندان سے بہت تعلق تھا۔ حاسدین نے مناسب موقع پا کر سلطان سے شکایت کی کہ "امیر محمد صاحب بجایہ بھاگنے والا ہے اور ابنِ خلدون اس کا مشیر و معین ہے"۔ سلطان نے بلا تحقیقِ واقعہ دونوں کو قید کر دیا۔ کچھ عرصہ بعد اس کا مشیر رہا کر دیا گیا لیکن ناکردہ گناہ میں علامہ نے رہائی نہ پائی یہاں تک کہ سلطان کے انتقال کے بعد وزیر حسن بن عمرو اخیر نے 759ھ میں قید سے رہا کیا۔ علامہ نے اپنے وطن کا رخ کرنا چاہا لیکن وزیر نے روک لیا اور اسے اس کے عہدہ پر بحال کر دیا۔ اس کے بعد 760ھ میں سلطان ابو سالم مرینی لے آیا۔ سیاحت کی غرض سے اندلس سے تلمسان اور تلمسان سے فارس لے آیا۔ اتفاقِ زمانہ کہ ابھی چند روز بھی آزادی سے بسر نہ کر پائے تھے کہ خطیب ابنِ مرزوق سلطان پر غالب آیا اور علامہ کو پھر قید کی سیر کرنا پڑی۔ کچھ عرصہ بعد وزیر عمرو بن عبد اللہ نے پرانے تعلقات کے باعث اسے قید سے آزاد کر کے دوبارہ عہدے پر بحال کر دیا۔

سفر و سیاحت

آپ کو سیر و سیاحت کا بہت شوق تھا۔ اندلس، غرناطہ، فارس، تلمسان کی سیر کی اور ہر مقام پر علامہ کی بہت آؤ بھگت ہوئی۔ بڑے بڑے معزّز عہدوں سے نوازا گیا۔ حکام نے مقبولیت اور اعزاز کی آنکھوں سے دیکھا۔

تاریخ کی تالیف

علامہ نے تلمسان میں چار سال قیام کیا اور ادھر اپنی مشہور تاریخ لکھنی شروع کی۔ مقدمہ تاریخ کافی حد تک لکھنے کے بعد بیماری کی شدّت نے اضافہ کیا اور آپ سلطان ابی حمو سے اجازت لے کر 780ھ میں تیونس کی طرف اس غرض سے آئے کہ انتقال کے بعد اپنے بزرگوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے۔ تیونس کی آب و ہوا سے آپ کو تندرستی عطا ہوئی تو حسب معمول درس و تدریس اور تالیف میں مشغول ہو گئے۔

مشہور کتب

ابنِ خلدون نے کئی کتابیں تصنیف کیں۔ روزنامچے اور ذاتی مشاہدات لکھنے میں ابنِ خلدون کا ثانی نہیں۔ اُنہوں نے روز مرّہ کے حالات و مشاہدات یورپی اسلوب میں پیش کیے۔ اُن کی سب سے مشہور کتاب **"تاریخ ابنِ خلدون"** ہے، جس کا پورا نام "کتاب العبر و دیوان المبتداء والخبر فی ایّام العرب والعجم والبربر و من عاصر ھم من ذوی السلطان الاکبر" ہے۔ اس کتاب میں زمانہ قبل اسلام کے واقعات کو مختصراً بیان کرنے کے بعد ولادتِ رسول ﷺ سے لے کر وفات تک کے تمام قابلِ ذکر واقعات کو بیان کیا ہے۔ اس کے بعد خلفاءِ راشدین کے زرّیں عہدِ خلافت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس میں خلفاءِ راشدین کی زندگیوں، ان کے دور میں ہونے والی فتوحات اور مسلمانوں کے کارناموں کو پوری تفصیل و توضیح کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اس کے ذریعہ تاریخی حقائق کو پرکھا جا سکتا ہے۔ مقدمہ ابن خلدون کو چھ ابواب اور دو جلدوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ دونوں جلدیں تین تین ابواب پر مشتمل ہیں۔ پہلے باب میں زمین اور اس کے شہروں کی آبادی، تموّل و افلاس کی وجہ سے آبادی کے حالات میں اختلافات اور ان کے آثار پر بحث کی گئی ہے۔ دوسرے باب میں بدوی آبادی اور وحشی قبائل اور اقوام پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرے باب میں دول عامہ، ملک، خلافت اور سلطانی مراتب کو قلمبند کرتے ہوئے کسی بھی سلطنت کے عروج و زوال کے اسباب واضح کئے گئے ہیں۔ چوتھے باب میں شہروں، مختلف آبادیوں اور ان کے تمدّن کو واضح کیا گیا ہے نیز مساجد اور مکانوں کی تعمیر سے بھی بحث کی گئی ہے۔ پانچواں باب معاش و کسب و صنائع پر مشتمل ہے اور چھٹا اور آخری باب علوم اور ان کی اقسام، تعلیم اور اس کے طریقوں اور مختلف صورتوں پر مشتمل ہے۔

سفر سکندریہ اور حج کعبہ

شعبان 784ھ میں جس وقت کہ سلطانِ تیونس دوسرے سفر کی تیاری کر رہے تھے علامہ بھی حاسدین کے حسد کے باعث دل برداشتہ ہو کر سلطان کی اجازت سے سکندریہ روانہ ہوا۔ چالیس روز کے بعد اسکندریہ پہنچا۔ ایک مہینہ حج بیت اللہ کے خیال سے ٹھہرے رہے لیکن اتفاقِ زمانہ نے حج سے روک کر انہیں قاہرہ پہنچا دیا۔ ابتداء میں دارالعلوم جامع ازہر میں درس و تدریس میں مصروف رہے۔ کچھ عرصہ بعد سلطانِ مصر نے طلب کر کے 786ھ میں مذہب مالکیہ کا قاضی مقرر کر دیا۔ اسی زمانہ میں اس کے اہلِ و عیال سمندر کے سفر کے ذریعہ مصر آ رہے تھے لیکن مصر کے قریب پہنچ کر حادثہ کے باعث تمام کشتی والے غرق ہو گئے۔ علامہ کو اس اچانک حادثہ نے ایسا پریشان کیا کہ اس نے قاہرہ سے جانے کا ارادہ کیا لیکن سلطان اور احباب کے کہنے پر تین سال قاہرہ میں ٹھہرے رہے۔ رمضان 789ھ میں حج کرنے کے لئے گئے اور 790ھ میں حج کر کے واپس مصر آئے اور اپنی کتاب 789ھ میں ختم کر کے سلطان ابو فارس عبدالعزیز بن سلطان ابوالحسن المزنی کی خدمت میں پیش کی۔ ادھر ہی 808ھ میں آپ کی وفات ہوئی۔

(حوالہ جات کتاب ابنِ خلدون اور انسائیکلوپیڈیا)

"قارئین زینب کو شعبہ اشاعت کی طرف سے "رمضان المبارک اور عید الفطر"

کی بہت بہت مبارک ہو"

دھنک کے رنگ آپ کے سنگ

حدیث نبوی ﷺ ہے:

”حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے زکوٰۃ الفطر (یعنی رمضان کا فطرانہ) کے بارہ میں حکم دیا کہ اسے نماز عید پر جانے سے قبل ادا کیا جائے۔“

(بخاری کتاب الزکوٰۃ باب فرض صدقۃ الفطر حدیث نمبر 1407)

روزہ ایک نعمت

(7 فائدے سائنس کی نظر میں)

Autophagy

1۔روزہ کی حالت میں صحت کی بحالی کے لیے انرجی حاصل کرنے کے لیے جسم خود ہی امینو ایسڈ پیدا کرتا ہے اور غیر صحت مند خلیوں یعنی سیلز کو جسم سے خارج کرتا ہے۔ یہ سیلز جن کا تعلق ایلرجیز سے ہے، اور جو جسم کے مدافعت کے نظام کو خراب کرتے ہیں۔ یہ سائنس کی دنیا میں ایک نئی دریافت ہے اور اس کی دریافت پر ایک جاپانی سائنسدان کو 2016 میں میڈیسن کا نوبیل پرائز دیا گیا تھا۔

Stem cells

2۔ سٹیم سیلز کی افزائش یعنی ایسے سیلز جو ایک صحت مند جسم کو برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں ان کی پیدائش ہوتی ہے۔ یہ سیلز جسم کو تیزی سے بڑھاپے کی طرف بڑھنے سے روکتے ہیں۔ اور ٹوٹ پھوٹ کی مرمت کرتے رہتے ہیں۔

Extra Energy

3۔ایکسٹرا انرجی جسم کے ان حصوں تک پہنچتی ہے جن کو اس کی ضرورت ہے۔ عام دنوں میں سیلز تیزی سے کام کر رہے ہوتے ہیں۔ جب روزہ ہو تو یہی سیلز اپنی توجہ اس حصہ کی طرف کر دیتے ہیں جس کو آپ نے اب تک توجہ نہیں دی۔

Hormones balance

4۔ جسم میں پیدا ہونے والے ہارمونز کو توازن میں رکھنا، نہ کم اور نہ زیادہ تاکہ جسمانی اور ذہنی صحت بہتر ہو۔ جیسے گروتھ ہارمون۔

De-activating bad genes

5۔ایسی جینز کو ڈی ایکٹیویٹ کرتا ہے جو آپ کو بیماری میں مبتلا کر سکتی ہیں جیسا کہ ذیابیطس اور موٹاپا کی جینز۔ تاکہ انسان کی عمر دراز ہو۔ جینیاتی طور پر انسانی جسم کو قدرت نے ایسے پروگرام کیا ہے کہ اسے روزہ کی ضرورت ہے۔

Gut health

6۔ نظام معدہ کو از سرنو استوار کرتا ہے، یعنی صحت کی طرف بحال کرتا ہے۔ یعنی معدہ میں فائدہ مند بیکٹیریا کی افزائش میں مدد کرتا ہے۔ جب آپ کی توانائی کھانا ہضم کرنے سے فراغت پاتی ہے تو آپ کے نظام ہضم کی طرف متوجہ ہو کر اسکا توازن بحال کرتی ہے۔

Ketones growth

7۔ کیٹونز ایک ایسا کیمیائی مادہ ہے جو جگر میں بنتا ہے۔ جب جسم میں شکر کی کمی ہو تو جگر جسم کی چربی کو استعمال کر کے یہ کیمیکل بناتا ہے اور خون کے ذریعے جسم میں بھیجتا ہے۔ اور دماغی صحت کے لیے یہ ضروری ہیں ان کی افزائش روزے کی حالت میں ہوتی ہے۔ لیکن اگر کسی کو ذیابیطس کی بیماری ہے تو ان کے لیے زیادہ کیٹونز کی افزائش نقصان دہ ہوتی ہے۔

خلیفۂ وقت کا مقام

(رعنا گل انور – مجلس نور دستر ند)

خلافت سے برطرفی یا برطرفی کا سوال

(اس مختصر ارشاد میں خلافت کے بابرکت قیام اور عزل کی ناپاک تحریک کا سارا فلسفہ آجاتا ہے۔)

جن لوگوں نے خلافت کے مقام کو نہیں سمجھا وہ بعض اوقات اپنی نادانی سے خلیفہ کے عزل کے سوال میں الجھنے لگتے ہیں۔ وہ دنیا کے جمہوری نظاموں کی طرح خلافت کو بھی ایک دنیوی نظام خیال کر کے حسب ضرورت خلیفہ کے عزل کا رستہ تلاش کرنا چاہتے ہیں۔ یہ ایک انتہا درجہ کی جہالت کا خیال ہے جو خلافت کے حقیقی مقام کو نہ سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ خلافت ایک روحانی نظام ہے جو خدا تعالیٰ کے خاص تصرف کے ماتحت نبوت کے بعد قائم کیا جاتا ہے۔ اور گو اس میں مصلحت الٰہی سے بظاہر لوگوں کی رائے کا بھی دخل ہوتا ہے مگر حقیقۃً وہ خدا تعالیٰ کی خاص تقدیر کے ماتحت قائم ہوتا ہے اور پھر وہ ایک اعلیٰ درجہ کا الٰہی انعام بھی ہے۔ پس اس کے متعلق کسی صورت میں برطرفی کا سوال پیدا نہیں ہو سکتا۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ: "خدا تجھے ایک قمیص پہنائے گا مگر منافق لوگ اسے اتارنا چاہیں گے لیکن تم اسے ہرگز نہ اتارنا۔"

حضرت مرزا بشیر احمدؓ، ایم اے از مضمون اسلام میں خلافت کا نظام

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ: "وہ احمدی جس کو خلافت سے سچا تعلق نہیں ہے اس کے لیے میری دعائیں بھی قبول نہیں ہوتیں اور فرمایا میرا ذاتی تجربہ ہے کہ وہ احمدی جسے خلافت سے مضبوط تعلق ہے اور بظاہر اس میں بہت سی ذاتی کمزوریاں پائی جاتی ہوں اس کے لیے بسا اوقات خدا تعالیٰ بہت جلد دعا کو قبول کر لیتا ہے۔"

(ماخوذ مشعل راہ جلد 2۔ صفحہ 621)

شہیدوں کو سلام

آسمانِ عشق کے روشن ستاروں کو سلام　　"نور" اور "دارالذکر" کے ماہ پاروں کو سلام

ہو گئے قربان اپنے دیں کی عظمت کے لیے　　گلشنِ احمد تمہارے جاں نثاروں کو سلام

(الفضل انٹرنیشنل 30 دسمبر 2016ء تا 05 جنوری 2017ء)

پکوان

الائچی والا کیک

(فریدہ ظہور — مجلس للّٰے سترّوم)

اشیاء:

میدہ – 205 گرام	**الائچی پاؤڈر** – 1/4 چائے کا چمچ	**دودھ** – 118 ملی لیٹر
چینی – 200 گرام	**نمک کے بغیر مکھن** – 170 گرام	**ونیلا ایکس ٹریکٹ** – 3 چائے کے چمچ
بیکنگ سوڈا – 1/4 چائے کا چمچ	**انڈے کی سفیدی** – 3 عدد	
بیکنگ پاؤڈر – 1 چائے کا چمچ	**دہی نیچرل** – 120 گرام	

ترکیب: اَوون کو 180°C ڈگری پر گرم ہونے کے لیے سیٹ کر دیں۔ سارے خشک اجزاء میدہ، بیکنگ پاؤڈر، بیکنگ سوڈا، الائچی پاؤڈر اور چینی کو ایک برتن میں چھان لیں۔ ایک دوسرے برتن میں مکھن، انڈے کی سفیدی، اور دیگر لیکوڈ اجزاء مکس کر لیں۔ اب اس میں تمام خشک اجزاء جنہیں چھان کے رکھا تھا مکس کر لیں۔ کیک کے سانچے کو مکھن اور میدہ سے کوٹ کر دیں۔ کیک کو 30 منٹ اون میں درمیان میں رکھ کر پکائیں۔ کیک کو اون سے نکال کر اس کو ٹھنڈا ہونے دیں۔ اور چائے کے ساتھ نوش فرمائیں۔

Eggplant Salad

(ایم ٹی اے پروگرام مائدہ سے لی گئی)

اشیاء:

بینگن – 1/2	**مشروم** – حسب ضرورت	**کٹی ہوئی کالی مرچ** – حسب ذائقہ
آلو – 1/2	**لیمن جوس** – حسب ضرورت	**دھنیا** – حسب ضرورت
پیاز – 1/2	**زیتون کا تیل** – حسب ضرورت	**تل** – حسب ضرورت
چیز (ost) – حسب ضرورت	**شہد** – حسب ذائقہ	**ڈرائی ہرب** – حسب ضرورت
ٹماٹر – آدھا کلو	**نمک** – حسب ذائقہ	
انڈے – 4 عدد	**کھیرا** – 2 عدد	

ترکیب: سب سے پہلے بینگن کو چھیل کر کیوبز کی شکل میں کاٹ کر ان کو فرائی کر لیں۔ درمیانی آنچ پر تب تک فرائی کریں جب تک بینگن براؤن نہ ہو جائیں۔ پھر ایک برتن میں ابلے ہوئے آلو، پیاز، کھیرا بیج نکال کر اور ٹماٹر کے بھی بیج نکال کر شامل کر لیں۔ پھر اس میں فرائی بینگن، مشروم، تل، زیتون کا تیل، لیمن جوس، نمک، کٹی ہوئی کالی مرچ اور شہد ڈال کر مکس کر لیں۔ مزیدار **"ایگ پلانٹ سیلڈ"** تیار ہے۔



حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ناروے کی واقفاتِ نو کی کلاس 28 ستمبر 2011ء

(نبیلہ چیمہ – از شعبہ واقفات)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ میرا خیال ہے کہ یہاں ایک دو کے سوا باقی بچیاں دس سال سے اوپر کی ہیں۔ اب دس سال کی عمر ایک ایسی عمر ہے جو اسلام کی تعلیم کے مطابق میچور (ایک سمجھ بوجھ رکھنے کی) عمر ہے جس میں نماز ادا کرنا فرض کیا گیا ہے۔ اب نماز ایک ایسی عبادت ہے جو خدا تعالیٰ کے حضور پانچ وقت ادا کرنی ہے اور اس عبادت کو اللہ اور اس کے رسول نے دس سال کی عمر میں فرض کر دیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس عمر میں تمہارے ہر عمل میں ایک تبدیلی ہو جانی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا بچیاں کہتی ہیں کہ ہم تو ابھی چھوٹی ہیں گیارہ بارہ سال کی ہیں، بڑی ہوں گی تو ہم سکارف پہن لیں گی یا کوٹ پہن لیں گی۔ اگر دس سال تک یہ احساس پیدا نہیں ہوا تو پھر بڑے ہو کر بھی یہ احساس کبھی بھی پیدا نہیں ہو گا اس لیے یہ یاد رکھو کہ ہمیشہ واقفاتِ نو نے دوسروں کے لیے نمونہ بننا ہے۔ اپنے لوگوں کے لیے بھی اور اپنی قوم کے لیے بھی نمونہ بننا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا ہے کہ اپنے لوگوں کے لیے بھی اور اس قوم کے لوگوں لوگوں کے لیے بھی تبلیغ کریں گے۔ ناروے کے نارتھ میں وہاں تک جائیں گے جہاں 2008ء میں جھنڈا لہرا دیا تھا۔ اس ایک جھنڈا لہرانے سے، ایک نمائش لگانے سے یا ایک آدمی کو قرآن کریم دینے سے انقلاب نہیں آجایا کرتے۔ اس کا پھر follow up بھی ہونا چاہیے۔ باقاعدہ پیچھے پڑ کے دیکھنا ہو گا کہ ہم نے جو کام کیے ہیں ان کو آگے کہاں تک پہنچانا ہے۔ پس ایک لیکچر سے، ایک تقریر سے نہ تو پردے قائم ہوتے ہیں اور نہ ہو سکتے ہیں اور نہ ہوں گے جب تک کہ ہر ایک کے دل میں یہ احساس نہیں ہو گا کہ ہم نے جو باتیں سنی ہیں ان پر عمل کرنا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا رات کو سونے سے قبل بجائے ٹی وی ڈرامہ دیکھنے کے یا ٹی وی ڈرامہ کوئی اچھا ہے تو بے شک دیکھ لو لیکن اس میں کسی قسم کا ننگ نہیں ہونا چاہیے، یا انٹرنیٹ پر لمبا وقت گزارنے کی بجائے وقت پر سونے کی عادت ڈالیں تا کہ نماز پر اٹھ سکیں اور پھر سونے سے قبل یہ جائزہ بھی لیں کہ ہم نے آج کیا کیا کام کیے ہیں جو ایک واقفہ نو کے لیے ضروری ہیں۔ جب نمازیں فرض ہیں تو کیا ہم نے ادا کی ہیں۔

قرآن شریف پڑھنے کا حکم ہے تو کیا ہم نے پڑھا ہے اور یہ بھی کہ قرآن شریف کے کسی حکم پر ہم نے غور کیا ہے اور اس میں بیان شدہ تعلیم اور معانی نکالے ہیں۔ خود اپنے جائزے لیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا آپ لوگوں نے آگے جا کر پڑھانا ہے۔ دوسروں کی تربیت کرنی ہے۔ صرف یہ نہیں کہ ایک واقفہ نو ڈاکٹر بن جائے گی، ایک ٹیچر بن جائے گی یا اور کچھ نہیں تو تھوڑی سی پڑھائی کر کے اتنا ہی کافی ہے کہ شادی ہو جائے اور اپنے گھر چلی جائے بلکہ آپ لوگوں نے ہر جگہ اپنے نمونے قائم کرنے ہیں۔ پس ان نمونوں کو تلاش کرنے کی ضرورت ہے اور یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتے جب تک رات سونے سے پہلے آپ خود اپنا جائزہ نہ لیں۔ کوئی دوسرا آپ کا جائزہ لے گا تو جھوٹ بولا جا سکتا ہے لیکن جب آپ خود اپنا جائزہ لیں گی تو جھوٹ نہیں بول سکتیں۔ جب اس بات کو سامنے رکھتے ہوئے جائزہ لیں گی کہ اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ میں تم کو دیکھ رہا ہوں تو پھر آپ تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے سچائی کے ساتھ اپنا جائزہ لیں گی کیونکہ نہ اپنے آپ کو دھوکہ دیا جا سکتا ہے اور نہ اللہ تعالیٰ کو دھوکہ دیا جا سکتا ہے۔

(الفضل انٹر نیشنل 2 دسمبر 2011ء)

پسندیدہ دعا

ایک واقفہ نو بچی نے کینیڈا میں منعقدہ کلاس واقفات نو میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ آپ کی پسندیدہ دعا کیا ہے؟

اس پر حضور انور نے فرمایا: ہر دعا مختلف وقتوں میں پسندیدہ بن جاتی ہے سب سے زیادہ میں درود شریف پڑھتا ہوں اور یہ بھی مجھے پسند ہے۔ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ (قصص:24) یعنی اے میرے رب! جو نعمت تو مجھ پر اتارے میں اس کا محتاج ہوں۔

(روزنامہ الفضل 4 نومبر 2016ء صفحہ نمبر 4)

اُمّ المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(آصفہ کوکب ۔ مجلس بیت النصر)

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہمارے لیے ایک کامل نمونہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اپنا نبی بنا کر اس لیے مبعوث فرمایا تا کہ آپ ﷺ بھٹکے ہوئے لوگوں کو صراطِ مستقیم پر گامزن کریں۔ جہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا اتنا اعلیٰ و ارفع مقام ہے وہاں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات کو بھی امّت کی مائیں قرار دیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے عقد میں آنے والی تین ازواج غیر عربی تھیں جو بنی اسرائیل میں سے تھیں۔ ان میں سے ایک حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہاہیں۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام زینب تھا۔ آپؓ قبیلہ بنو نضیر کے سردار حیی بن اخطب کی بیٹی تھیں۔ آپؓ کا نسب حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے لاوی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی ہارون علیہ السلام کی اولاد سے جاملتاہے۔ رسولِ اکرم ﷺ کی زوجیت میں آنے کے بعد آپؓ صفیہ کے نام سے موسوم ہوئیں۔ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک امیر یہودی سردار گھرانے سے تعلق رکھتی تھیں۔ آپؓ کی پہلی شادی 18 سال کی عمر میں ہوئی مگر وہ دیرپا ثابت نہ ہوئی اور آپؓ کے شوہر نے آپؓ کو طلاق دے دی۔ آپؓ کی دوسری شادی محاصرہ خیبر سے کچھ عرصہ قبل ہوئی اور خیبر کی جنگ میں آپؓ کا خاوند مارا گیا۔ جب فتح خیبر کے موقع پر آپؓ اسیر ہوئیں اور آنحضرت ﷺ کے علم میں یہ بات آئی کہ قیدیوں میں یہود کی ایک شہزادی بھی شامل ہیں اور ان کا احترام و لحاظ یہودِ خیبر پر ایک اور احسان ہو گا جو ان کی دشمنی کم کرنے کا موجب بن سکتا ہے تو ایسے مشکل مرحلہ میں آپ ﷺ نے اپنے اصحاب سے مشاورت کی۔ چنانچہ صحابہؓ نے آپ ﷺ کو یہود کی اس شہزادی سے شادی کا مشورہ دیا۔ آپ ﷺ نے قومی مفاد میں ان کا یہ مشورہ قبول کرتے ہوئے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آزاد کرکے اپنے حرم میں شامل کر لیا اور غلامی سے آزادی کو ان کا حق مہر قرار دیا اور حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ گراں قدر مہر بخوشی قبول کر لیا۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رسول اکرم ﷺ سے شادی میں خدائی تحقیق کارفرما تھی جس کی اطلاع اللہ تعالیٰ نے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو شادی سے پہلے بذریعہ خواب دے دی تھی۔ آپؓ بیان کرتی ہیں کہ میری آنکھ کے اوپر بہت گہرا نیلے یا سبز رنگ کا ایک نشان تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے اسے دیکھ کر پوچھا کہ یہ تمہیں کیا ہوا تھا؟ تب میں نے آپ ﷺ کو سارا قصہ سنایا کہ جب حضور ﷺ خیبر کا محاصرہ کیے ہوئے تھے تو میں نے خواب میں دیکھا کہ چودھویں کا چاند میری جھولی میں آگرا ہے۔ میں نے اپنے خاوند کو یہ خواب سنائی تو اس نے بڑے زور سے مجھے ایک طمانچہ دے مارا اور کہا "کیا تم یثرب (مدینہ) کے بادشاہ سے شادی کرنا چاہتی ہو؟"۔ دوسری روایت میں ذکر ہے کہ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ خواب اپنے والد کو سنائی۔ اس میں سورج کے اپنے سینے پر گرنے کا ذکر کیا۔ والد نے ناراض ہو کر کہا کیا تم اس بادشاہ سے شادی کرنا چاہتی ہوں جس نے ہمارا محاصرہ کر رکھا ہے۔ (المعجم الکبیر جلد 24 صفحہ 67)

بعد میں ہونے والے واقعات اور حالات نے یہ ثابت کر دیا کہ چودھویں کے چاند یا سورج سے مراد ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ تھے جو مدینہ کے بادشاہ بن گئے تھے۔

جب نبی اکرم ﷺ نے غزوۂ خیبر کے اسباب کی حقیقت کھول کر حضرت صفیہ کے سامنے بیان کی اور اس جنگ کے دوران ان کے عزیزوں کے ہلاک ہونے پر دلاسہ دیتے ہوئے دلی معذرت کی تو آپ ﷺ کے بارہ میں ان کا سینہ صاف ہو گیا۔ وہ خود فرماتی ہیں کہ شروع میں آنحضرت ﷺ سے بڑھ کر میرے لیے کوئی قابلِ نفرین

وجود نہیں تھا مگر امر واقعہ یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے پہلی ملاقات میں ہی اتنی محبت اور شفقت کا سلوک میرے ساتھ روا رکھا اور اس قدر اصرار کے ساتھ مجھ سے اظہارِ عذر فرماتے رہے کہ اے صفیہ! تیرا باپ وہ تھا جو تمام عرب کو میرے خلاف کھینچ کر لایا اور اس نے یہ یہ کیا اور بالآخر ہمیں اپنے دفاع کے لیے مجبور کر دیا کہ ہم خیبر میں آکر اس کی ان سازشوں کے مقابلے پر جوابی کارروائی کریں۔ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی تھیں کہ آنحضرت ﷺ نے اس کثرت سے اور اتنی محبت اور شفقت کے ساتھ اس بات کا اعادہ کیا کہ میرا دل حضور ﷺ کے لئے بالکل صاف ہو گیا۔ آپ ﷺ کے ساتھ پہلی مجلس سے ہی جب میں اٹھی ہوں تو آپ ﷺ سے زیادہ کوئی اور مجھے محبوب نہ تھا۔ آپ ﷺ ہی مجھے سب سے پیارے اور سب سے زیادہ عزیز تھے۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور ﷺ کی یہ شفقتیں ہمیشہ میرے ساتھ رہیں۔ ایک دفعہ ازواجِ مطہرات میں سے کسی نے مجھے یہ طعنہ دے دیا کہ تمہارا تعلق تو یہودی قبیلے سے ہے اور تم یہودیوں کی اولاد ہو۔ حضور ﷺ گھر تشریف لائے تو مجھے روتے دیکھ کر فرمایا کہ کیا ہوا؟ میں نے کہا کہ یا رسول اللہ! آپ کی جن ازواج کا آپ کے خاندان یا قریش سے تعلق ہے وہ کہتی ہیں ہم قریش کے خاندان سے ہیں اور تم یہودیوں کی بیٹی ہوں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اے حیی کی بیٹی! اس میں رونے کی کون سی بات ہے۔ تمہیں ان کو یہ جواب دینا چاہیے تھا کہ تم مجھ سے بہتر کس طرح ہو سکتی ہو؟ حضرت ہارون علیہ السلام میرے باپ حضرت موسیٰ علیہ السلام میرے چچا اور محمد ﷺ میرے شوہر ہیں یعنی میرا تو تین نبیوں سے تعلق بنتا ہے اور تم ایک نبی کا تعلق مجھ پر جتلا رہی ہو۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت عبادت گزار تھیں اور ذکر الٰہی میں مشغول رہتی تھیں۔ آپؓ فرماتی تھیں کہ ایک دفعہ حضور اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے۔ میں نے کھجور کی چار ہزار گٹھلیاں اپنے پاس رکھی ہوئی تھیں۔ ان پر میں تسبیح کیا کرتی تھی۔ حضور ﷺ نے پوچھا یہ کس مقصد کے لیے ہیں؟ عرض کیا کہ حضور! میں ان کو گن گن کر ان پر اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا میں تم کو اس سے بہتر طریقہ نہ بتاؤں؟ پھر حضور ﷺ نے ان کو سمجھایا کہ بجائے یوں گن گن کر تسبیح کرنے کے لیے یہ پڑھا کرو **سبحان اللہ عدد خلقہ** کہ اللہ تعالیٰ پاک ہے اور اس کی سبوحیت اور اس کی پاکیزگی میں اتنا بیان کرتی ہوں جتنی خدا تعالیٰ کی مخلوق ہے۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے بے پناہ محبت تھی۔ جب آنحضرت ﷺ اپنی وفات سے قبل سخت بیمار ہو گئے تو ازواج مطہرات آنحضور ﷺ کے پاس بیٹھی حضور کی تیمارداری اور عیادت میں مصروف تھیں۔ اس دوران حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بے اختیار کہا اے اللہ کے نبی! میرا دل کرتا ہے کہ آپ ﷺ کی یہ بیماری مجھے مل جائے اور اللہ آپ ﷺ کو شفا دے۔ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی یہ بات سن کر بعض ازواج نے ایک دوسرے کو طنزیہ اشارہ کیا۔ آنحضرت ﷺ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قلب صافی کو جانتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا خدا کی قسم! یہ اپنی بات میں سچی ہے، گویا صدق دل سے مجھے چاہتی ہے۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا خلفائے راشدین سے بھی بہت اطاعت اور محبت کا تعلق تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کیا گیا تو حضرت حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا گھر چونکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر کے قریب تھا تو آپؓ نے ایک لکڑی اپنے اور ان کے گھر کے درمیان بطور پل رکھ دی اور ایک ایسا رابطہ بحال کر لیا جس کے ذریعہ محاصرہ کے دوران حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے کھانے پینے کی ضروری چیزیں مہیّا فرماتی رہیں۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات رمضان 50 ہجری میں حضرت امیر معاویہ کے زمانہ میں ہوئی۔ آپؓ جنت البقیع میں دیگر ازواج کے ساتھ دفن ہیں۔ (از اہلِ بیتِ رسول ﷺ)

https://www.alislam.org/urdu/book/

نوٹ: شعبہ واقفات کی طرف سے ازواج مطہرات کی سیرت کا سلسلہ جولائی تا ستمبر 2018ء کے زینب سے جاری ہے۔

